آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز پیر 28 مارچ 2022ء بمطابق 24 شعبان 1443ھ | شمارہ نمبر 73

میرے پاس اندر کی خبر ہے اپوزیشن کو کچھ نہیں ملنے جا رہا

شیخ رشید

اس وقت پورا اسلام آباد کھلا ہے افواہوں پر نہ جائیں، جے یو آئی کو دیا گیا وقت ختم ہو چکا ہے، اگر پھنڈا ڈالنے کی کوشش کی تو چیف جسٹس کی ہدایت کی روشنی میں اسلام آباد کی انتظامیہ ایکشن لے گی

گینگ آف تھری کی سیاست کا معیار اس قدر گر چکا ہے کہ قاتلوں کو بھی دبئی سے بلا رہے ہیں، جس دن ووٹ ہوں گے عمران خان اسمبلی سے جیتے یا عوام میں جیتے، وہ آئے گا اور چھا جائے گا تم دیکھتے رہ جاؤ گے

بلاول کو آخری وارننگ دینا چاہتا ہوں کہ عمران خان کی فیملی تک نہ جائے، آرمی چیف اپنا وقت پورا کریں گے، جب وقت آئے گا اس وقت وہ فیصلہ کریں گے، کوئی کہیں نہیں جا رہا، وزیر داخلہ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ تحریک عدم اعتماد کا جو نتیجہ بھی نکلے، میرے پاس اندر کی خبر ہے گینگ آف تھری کو کچھ نہیں ملنے جا رہا، اس وقت پورا اسلام آباد کھلا ہے افواہوں پر نہ جائیں، جے یو آئی کو دیا گیا وقت ختم ہو چکا ہے، اگر پھنڈا ڈالنے کی کوشش کی تو چیف جسٹس کی ہدایت کی روشنی میں اسلام آباد کی انتظامیہ ایکشن لے گی، گینگ آف تھری کی سیاست کا معیار اس قدر گر چکا ہے کہ قاتلوں کو بھی دبئی سے بلا رہے ہیں، جس دن ووٹ ہوں گے عمران خان اسمبلی سے جیتے یا عوام میں جیتے، وہ آئے گا اور چھا جائے گا تم دیکھتے رہ جاؤ گے، شہباز شریف صاحب تمہاری

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع

فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

اسلام آباد وزیر اعظم عمران خان مریم المعروف جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

ہم سب سے دوستی کریں گے غلامی نہیں کریں گے

وزیر اعظم

ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کو آزاد خارجہ پالیسی دینے کی کوشش کی تو فضل الرحمن اور بھگوڑا نواز شریف کی کی پارٹیوں نے ذوالفقار علی بھٹو کیخلاف تحریک چلائی اور آج جیسے حالات بنا دیے گئے اور ان حالات کی وجہ سے ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دی گئی

زرداری اور بھٹو کا نواسہ بلاول کرسی کی لالچ میں اپنے نانا کی قربانی کو بھلا کر قاتلوں کے ساتھ بیٹھے ہیں، آج ہمارے ملک کی خارجہ پالیسی کو مروڑنے کی کوشش باہر سے کی جا رہی ہے، ملک کو ہمارے پرانے لیڈر کے کرتوتوں کی وجہ سے دھمکیاں ملتی رہیں

ہمارے ملک کے اندر موجود اپنے لوگوں کی مدد سے حکومتیں تبدیل کی جاتی رہیں، قوم جاننا چاہتی ہے لندن میں بیٹھا ہوا کس کیساتھ ملتا ہے؟ پاکستان میں بیٹھے ہوئے کردار کس کے کہنے پر چل رہے ہیں؟ ہمارے پاس جو ثبوت ہیں، ہر چیز کو ظاہر کر رہا ہوں، عمران خان کا جلسے سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے جلسے میں خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں لکھ کر دھمکی دی گئی، باہر سے حکومت گرانے کی کوشش کی جا رہی ہے، پاکستانی قوم باہر کے اربوں روپے لے کر حکومت کے خلاف سازش کرنے والے غلاموں کو کامیاب ہونے دیں گے، ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کو آزاد خارجہ پالیسی دینے کی کوشش کی تو فضل الرحمن اور بھگوڑا نواز شریف کی کی پارٹیوں نے ذوالفقار علی بھٹو کیخلاف تحریک چلائی اور آج جیسے حالات بنا دیے گئے اور ان حالات کی وجہ سے ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دی گئی، زرداری اور بھٹو کا نواسہ بلاول کرسی کی لالچ میں اپنے نانا کی قربانی کو بھلا کر قاتلوں کے ساتھ بیٹھے ہیں، آج ہمارے ملک کی خارجہ پالیسی کو مروڑنے کی کوشش باہر سے کی جا رہی ہے، ملک کو ہمارے پرانے لیڈر کے کرتوتوں کی وجہ سے دھمکیاں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے گوادر کا وفد ملاقات کر رہا ہے

کپتان کو دیا منصوبہ کیا ہے منصوبہ بندی کہاں ہو رہی ہے

شاہ محمود قریشی

میرے سینے میں بہت سے راز ہیں، چاک کر دوں تو یہ منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے، وزیر خارجہ کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ کپتان کو بتا دیا منصوبہ کیا ہے، منصوبہ بندی کہاں ہو رہی ہے؟ میرے سینے میں بہت سے راز ہیں، چاک کر دوں تو یہ منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے۔ امر بالمعروف جلسہ عام سے خطاب میں شاہ محمود

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

یہ ڈرامہ اس لیے ہو رہا ہے عمران مشرف کی طرح گھٹنے ٹیک کر این آر او دے دے، وزیر اعظم

حکومت جاتی ہے جائے، جان جاتی ہے جائے، کبھی ان کو معاف نہیں کروں گا، عمران خان کا جلسہ سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ یہ ڈرامہ اس لیے ہو رہا ہے کہ عمران مشرف کی طرح گھٹنے ٹیک کر این آر او دے دے۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ چھوٹا چور نہیں بڑا ڈاکو ملک کو تباہ کرتا ہے، یہ تین چور تیس سال سے ملک

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

27 مارچ پاکستانی قوم کیلئے فیصلہ سازی کا دن ہے، عوام نے خودداری کیساتھ جینے کا فیصلہ کرنا ہے، شہباز گل

پاکستان کے آزادانہ فیصلے اپنے ملک میں ہو رہے ہیں وزیر اعظم عمران خان کا مشن ہے ان فیصلوں کیلئے وزیر اعظم بھیشہ لڑتے رہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ 27 مارچ پاکستانی قوم کیلئے فیصلہ سازی کا دن ہے، عوام نے خودداری کیساتھ جینے کا فیصلہ کرنا ہے۔ اتوار کو اسلام آباد پریڈ گراؤنڈ میں گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی سے بلوچستان عوامی پارٹی کی خواتین رہنماؤں کی اہم ملاقات

اسلام آباد (خ ن) چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی سے بلوچستان عوامی پارٹی کی خواتین رہنماؤں

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی تاریخ میں یاد رکھنے والے سب سے بڑے اور اہم منصوبے ریکوڈک کو تاریخ کبھی بھول نہیں سکتی، نور محمد خان دومڑ

ہرنائی (خ ن) سینئر صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی حاجی نور محمد خان دومڑ نے ہرنائی کے صحافی سے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ینگ ڈاکٹرز کا شعبہ حادثات سمیت ایمرجنسی سروسز کا بائیکاٹ تیسرے روز بھی جاری رہا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ینگ ڈاکٹرز کا شعبہ حادثات سمیت ایمرجنسی سروسز کا

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کے حدود میں دو مختلف واقعات میں دو خواتین کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کے حدود میں دو مختلف واقعات میں دو خواتین کو موت

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ہم حکومت کو غیر آئینی غیر قانونی اور ناجائز سمجھتے ہیں، اس حکومت کو ایک لمحے کیلئے بھی برداشت کریں گے، مولانا فضل الرحمن

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ہم حکومت کو غیر آئینی غیر قانونی اور ناجائز سمجھتے ہیں، اس حکومت کو ایک لمحے کیلئے بھی برداشت کریں گے، حکمرانوں کو بھگانے تک ڈٹے رہیں گے اور یہاں سے نہیں جائیں گے۔ ایک انٹرویو میں مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ہم

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا ملاقات کر رہے ہیں

شیخ رشید کا اپوزیشن پر کرنل قذافی، اسامہ بن لادن کا مال کھانے کا الزام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ شیخ رشید نے اپوزیشن قیادت پر کرنل قذافی اور اسامہ بن لادن کا مال کھانے کا الزام لگا دیا۔ امر بالمعروف جلسہ سے خطاب میں شیخ رشید نے اپوزیشن کو گینگ آف تھری قرار دیا اور کہا کہ یہ لیڈر نہیں ڈاکو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس گینگ آف تھری نے کرنل قذافی اور اسامہ بن لادن کا مال

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

گوادر پاکستان کا مستقبل ہے ترقی اولین ترجیح ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

گوادر کے عوام پرامن رہیں اور دھرنوں اور احتجاجی سیاست کا حصہ نہ بنیں ایسے منفی رویوں سے سرمایہ کار گوادر سے چلے جائیں گے

لوگوں کے روزگار کے تحفظ اور آئی آزادانہ نقل و حمل کے لئے شاہراہیں پر قائم غیر ضروری چیک پوسٹوں کو ختم کر دیا گیا ہے میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے گوادر پاکستان کا مستقبل ہے 2018 میں بھی وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے گوادر کی ترقی پر توجہ مرکوز رکھی اور اب بھی گوادر کی ترقی اولین ترجیح ہے گوادر کے عوام پرامن رہیں اور دھرنوں اور احتجاجی سیاست کا حصہ نہ بنیں ایسے منفی رویوں سے سرمایہ کار گوادر سے چلے جائیں گے اور سب سے زیادہ نقصان گوادر اور یہاں کے عوام کو پہنچے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر کے ایک نمائندہ وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پشاور میں سی این جی اسٹیشن پر سلنڈر دھماکا، ایک شخص جاں بحق اور 3 زخمی

پشاور (این این آئی) پشاور میں سی این جی گیس بھرنے کے دوران سلنڈر دھماکے میں ایک شخص جاں

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

تحریک انصاف کے جلسے میں شرکاء کی تعداد 20 لاکھ سے زیادہ تھی، پی ٹی آئی رہنما کا دعویٰ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر فیصل جاوید نے دعویٰ کیا ہے کہ

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

نجی میڈیا کے رپورٹرز، اینکرز، عالمی میڈیا کو جلسہ کوریج کے لئے کارڈز جاری کئے گئے ہیں، فرخ حبیب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ نجی میڈیا

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کورونا وبا سے 24 گھنٹوں میں مزید 5 افراد جاں بحق، 310 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس سے مزید 5 افراد

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

حکومت کو دھچکا وزیر اعظم کے معاون خصوصی شہزاد بگٹی کا حکومت سے علیحدگی کا اعلان

حکومت نے پاکستان کی قوم سے سوائے وعدوں کے کچھ نہیں کیا، محض دلاسے دیے گئے جس سے بلوچستان کے عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچی

ہم پی ڈی ایم کے ساتھ کھڑے ہیں اور پاکستانی قوم کی بہتری کے لیے جو کچھ کر سکیں گے وہ کریں گے، بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کے رکن قومی اسمبلی اور وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے امور بلوچستان شاہ زین بگٹی نے حکومت سے علیحدگی کا اعلان کر دیا۔ اتوار کو چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ شاہ زین بگٹی کے درمیان اتوار کو ہوئی سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے موقع پر جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی نائب صدر میر چاکر بگٹی اور مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مدنی بلوچ اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ سید یوسف رضا گیلانی، فیصل کریم کنڈی، شازیہ مری اور احسان اللہ مزاری موجود تھے۔ ملاقات میں مسلم لیگ ن کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اتحادیوں کے درمیان رابطے ضروری ہیں، ہم جماعت اپنے مفادات کے حساب سے فیصلہ کرے گی، امین الحق

حکومت سے مذاکرات کا عمل جاری ہے، اب بھی ہم مشاورت کر رہے ہیں اور کسی بھی نتیجے پر نہیں پہنچے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی اتحادی جماعت متحدہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم پاکستان) کے رہنما امین الحق نے کہا ہے کہ اتحادیوں کے درمیان رابطے ضرور ہیں، جب فیصلہ ہو گا تو ہر جماعت اپنے اپنے مفادات کے حساب سے فیصلہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم کی قیادت میں پاکستان نے ایک آزاد خارجہ پالیسی کی بنیاد رکھی، فواد چوہدری

جذبہ جنون سلامت! سڑکوں سے جے یو آئی اور نون کے نام نہاد قافلے غائب ہو چکے ہیں

بہادر قوم کو بہادر لیڈر کی ضرورت ہوتی ہے، عمران خان وہ لیڈر ہے جو کبھی عوام کا سر جھکنے نہیں دے گا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان نے ایک آزاد خارجہ پالیسی کی بنیاد رکھی۔ "امر بالمعروف" جلسہ کے حوالے سے ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کا جلسہ عوام کا جلسہ ہے، عمران خان پاکستان کے محسن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان نے ایک آزاد خارجہ پالیسی کی بنیاد رکھی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وہ پاکستان جس کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ یہاں پیسے سے ہر ایک کو خریدا جا سکتا ہے، وہ پاکستان عمران خان کی وجہ سے سر اٹھا کر کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہادر قوم کو بہادر لیڈر کی ضرورت ہوتی ہے، عمران خان وہ لیڈر ہے جو کبھی عوام کا سر جھکنے نہیں دے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عمران خان نے پاکستان کی معیشت اور پاکستان کی انٹسٹری کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، پاکستان کے عوام عمران خان کے جلسہ کیلئے گھروں سے باہر نکلیں۔ دریں اثناء وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات چوہدری فواد حسین

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

علی زیدی نے لاپتا افراد کے مسئلے کو سیاسی طنز کے لیے استعمال کرنے پر معافی مانگ لی

پاکستان میں لاپتا افراد کا مسئلہ سنجیدہ اور دلخراش ہے کوئی مذاق نہیں، وفاقی وزیر شیریں مزاری کا علی زیدی کو جواب

اگر میری پوسٹ سے جبری گمشدگی کے شکار کسی فرد کی دل آزاری ہوئی ہے تو میں معذرت چاہتا ہوں، وفاقی وزیر علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور علی زیدی نے لاپتا افراد کے مسئلے کو سیاسی طنز کے لیے استعمال کرنے پر معافی مانگ لی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر نے مریم نواز اور حمزہ شہباز کی ایک تصویر پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ لاپتا افراد کے اہل خانہ ایک مرتبہ پھر سڑکوں پر۔ مذکورہ تصویر مسلم لیگ (ن) کی لاہور سے اسلام آباد کیلئے نکلنے والی ریلی کی تھی جس میں مریم نواز ہاتھ میں نواز شریف کی تصویر تھامے حمزہ شہباز کے ہمراہ ایک ٹرک پر سوار نظر آ رہی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

اپوزیشن کی عدم اعتمادی تحریک ناکام ہو گی اور عمران خان اگلے 5 سال بھی پاکستان کے وزیر اعظم ہوں گے، فرخ حبیب

مریم نواز اور بلاول کی کوئی سیاسی جدوجہد نہیں عوام کا موڈ بتا رہا ہے ووٹ میں خیانت کرنے والوں کا احتساب ہو گا، وزیر مملکت

فیصل آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے اطلاعات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی عدم اعتماد کی تحریک ناکام ہو گی اور عمران خان اگلے 5 سال بھی پاکستان کے وزیر اعظم ہوں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فرخ حبیب نے کہا کہ چوروں کا ٹولہ آج اکٹھا ہو گیا ہے، آصف علی زرداری پاپڑ والے، فالودہ والے کو اور شہباز شریف مقصود چپڑاسی کو بچانا چاہتے ہیں، چوروں کا ٹولہ آخری سانس لے رہا ہے۔ اسلام آباد جلسے کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ یہ صرف جلسہ نہیں پاکستان کے لوگوں کے مستقبل کی جنگ ہے، لوگوں کے جذبے سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کرپشن کا خاتمہ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ شاہ زین بگٹی مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان سے بچت، سرمایہ کاری بڑھانے کا مطالبہ

پاکستان کیپٹل مارکیٹ سے متعلق اہم اشاریوں میں ہم مرتبہ ممالک سے نمایاں طور پر نیچے ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا ہے کہ مستحکم قرض کے آؤٹ لک کے باوجود پاکستان کی معیشت بدستور کمزور ہے کیونکہ گزشتہ مالی سال میں سرمایہ کاری کی شرح جی ڈی پی کے 2.15 فیصد پر بہت کم رہی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غیر ترقی یافتہ کیپٹل مارکیٹوں نے بچتوں کو غیر موثر متحرک کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، جس کے نتیجے میں بچت اور سرمایہ کاری میں بڑا فرق پیدا ہوا ہے۔ ملک کی کیپٹل مارکیٹوں کے غیر موثر کردار کی وجہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

حکومت کی آگ اگلتی تقریریں غیر جمہوری، غیر آئینی، غیر پارلیمانی اقدامات کے لیے ریڈ کارپٹ بچھا دی ہیں، لیاقت بلوچ

وزیر اعظم کو اندازہ ہو گیا کہ حکومتی کرسی کے نیچے زمین کھسک گئی ہے۔ اب بلیک میلنگ اور پروٹوکول ترلے سے کرسی بچانا چاہتے ہیں

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، سیاسی قومی امور قائمہ کمیٹی کے صدر لیاقت بلوچ نے وزیر اعظم کے روزانہ کی بنیاد پر جارحانہ، غیر حکیمانہ، غیر دانشمندانہ بیانات پر کہا ہے کہ حکومت کے جملہ اعمال میں ملک و ملت کی خدمت کا کوئی عمل نہیں، اسی لیے روزانہ بدکلامی، سیاسی انتہا پسندی، حکومتی دہشت گردی کا سہارا لیا جا رہا ہے۔ عوام مہنگائی، بے روزگاری، افراط زر، پیداواری لاگت میں بے تحاشا اضافہ، روپے کی قدر کی بے قدری اور سٹریٹ کرائم کی چکی میں پس رہے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

لوٹوں سے بدلہ لینا ہے انکا منہ کالا کر کے گدھے پر بٹھانا ہے، پرویز خٹک

ہم سے وہ گئے جو ہمارے تھے ہی نہیں، جو ہمارے تھے ہی نہیں تو گلہ کس بات کا؟ ان سے بھی کہتا ہوں کہ پچھتاؤ گے

ہمیں ایک بھی پی ٹی آئی کا ایم این اے چھوڑ کر نہیں گیا، بس ایک نامراد عورت پی ٹی آئی کی تھی پتا نہیں وہ کس لالچ میں چلی گئی، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع پرویز خٹک نے منحرف اراکین پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ لوٹوں سے بدلہ لینا ہے، انکا منہ کالا کر کے گدھے پر بٹھانا ہے۔ اتوار کو امر بالمعروف جلسے میں کارکنوں سے خطاب میں منحرف ارکان پر شدید تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب الیکشن آیا تو ان لوٹوں سے آپ نے بدلہ لینا ہے، ان کا منہ کالا کر کے گدھے پر بٹھانا ہے اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا کہ ہمیں ایک بھی پی ٹی آئی کا ایم این اے چھوڑ کر نہیں گیا، بس ایک نامراد عورت پی ٹی آئی کی تھی پتا نہیں وہ کس لالچ میں چلی گئی، باقی میں فخر کرتا ہوں پی ٹی آئی والوں پر سخت حالات میں بھی کھڑے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سے وہ گئے جو ہمارے تھے ہی نہیں، جو ہمارے تھے ہی نہیں تو گلہ کس بات کا؟ ان سے بھی کہتا ہوں کہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

دہشت گردی کا خاتمہ کرنے والے اور ملک کو اندھیروں سے نکالنے والوں کو امر بالمعروف کے نعرے اچھے لگتے ہیں، فرخ شکیر

عمران خان کے پاس سابق امریکی صدر ٹرمپ کے علاوہ کوئی ٹرمپ کارڈ نہیں ہے، (ن) لیگی جمہوری جدوجہد آج ملکی تاریخ کا حصہ ہیں، میڈیا سے گفتگو

گوجرانوالہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما فرخ دستگیر نے کہا ہے کہ دہشت گردی کا خاتمہ کرنے والے اور ملک کو اندھیروں سے نکالنے والوں کو امر بالمعروف کے نعرے اچھے لگتے ہیں، عمران خان کے پاس سابق امریکی صدر ٹرمپ کے علاوہ کوئی ٹرمپ کارڈ نہیں ہے، مسلم لیگ (ن) کی جمہوری جدوجہد آج ملکی تاریخ کا حصہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مریم اورنگزیب بھی ہمراہ تھیں۔ فرخ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اسلام آباد پی پی آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن ہاتھ اٹھا کر مہنگائی مکا ڈالر مارچ کے شرکاء سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

چیف الیکشن کمشنر کی تقرری عمران نیازی کی اپنی سفارش پہ ہوئی، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن اقبال نے کہا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر کی تقرری عمران نیازی کی اپنی سفارش پہ ہوئی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے جاری کردہ ایک بیان میں احسن اقبال نے کہا کہ عمران نیازی کے الیکشن کمیشن

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

جلسہ امر بالمعروف اسد عمر کا وزیر اعظم کو الیکشن کال دینے کا مشورہ

الیکشن تو اگلے سال ہے، دل کہتا ہے الیکشن کال کر ہی کر لو تاکہ پتہ چل جائے پاکستان کس کیساتھ ہے

فضل الرحمان جو بائیڈن کو دنیا کا لیڈر کہتے ہیں، شہباز شریف بوٹ پالش کرنے پر لگے ہوئے ہیں، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ الیکشن تو اگلے سال ہے لیکن دل کہتا ہے الیکشن کال کر ہی کر لو تاکہ پتہ چل جائے پاکستان کس کیساتھ ہے۔ امر بالمعروف جلسے سے خطاب میں وزیر اعظم عمران خان کو مخاطب کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ عمران خان کے خلاف سارے چور اکٹھے ہیں، ہم سیاست میں حرام کا پیسہ لگانے والوں کے خلاف کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فضل الرحمان جو بائیڈن کو دنیا کا لیڈر کہتے ہیں، شہباز شریف بوٹ پالش کرنے پر لگے ہوئے ہیں، یہ جنگ عمران خان کی نہیں بلکہ پاکستان کی جنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدم اعتماد چھوٹی چیز ہے، یہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

مواصلات کا فن خواتین کو بااختیار بنانے اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے ناگزیر ہے، مملکت صدیر

خواتین میں ٹیلنٹ ہے اور وہ پاکستان میں 70 سے 80 فیصد میرٹ پر میڈیکل کالجوں میں داخلہ لیتی ہیں

کچھ لوگ مواصلات کی ہنر پر پورا نہیں اترتے، ہمیں اپنے مقاصد کے حصول کے لئے ان ٹولز کو سیکھنا ہوگا، عارف علوی کا خطاب

کراچی (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ مواصلات کا فن خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے ناگزیر ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو یہاں آئی بی اے سٹی کیمپس میں ترقیاتی مباحثوں اور تنقیدی موضوعات پر دوسری سالانہ کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صدر مملکت نے کہا کہ موثر ابلاغ ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ مواصلات کی ہنر پر پورا نہیں اترتے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے مقاصد کے حصول کیلئے ان ٹولز کو سیکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ خوراک کی پیداوار اور صحت کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے ٹولز دستیاب ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہمارے معاشرے میں یہ عام تاثر ہے کہ مولوی ملک میں آبادی کو کنٹرول کرنے میں رکاوٹ کا کردار ادا کر رہے ہیں جو غلط ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولوی ہماری مدد کیلئے حاضر ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ مغرب میں بھی خواتین کو مساوی حقوق فراہم نہیں کیے جاتے۔ انہوں

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

سندھ میں بدترین طرز حکمرانی ہے، صوبے میں ایک سویلین ڈکٹیٹر شپ ہے، فہمیدہ مرزا

سندھ میں بلوچستان سے زیادہ احساس محرومی ہے، سندھ کو ہیلتھ کارڈ کیوں فراہم نہیں کیا جا سکتا

سندھ کو نظر انداز کیا جا رہا ہے، اصولوں کے ساتھ کھڑے ہیں، لوٹا کریسی بند ہونی چاہیے، وفاقی وزیر کا جلسے سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس (جی ڈی اے) کی رہنما اور وفاقی وزیر ڈاکٹر فہمیدہ مرزا نے کہا ہے کہ سندھ میں بدترین طرز حکمرانی ہے، صوبے میں ایک سویلین ڈکٹیٹر شپ ہے، سندھ میں بلوچستان سے زیادہ احساس محرومی ہے، سندھ کو ہیلتھ کارڈ کیوں فراہم نہیں کیا جا سکتا، سندھ کو نظر انداز کیا جا رہا ہے، اصولوں کے ساتھ کھڑے ہیں، لوٹا کریسی بند ہونی چاہیے۔ پریڈ گراؤنڈ میں امر بالمعروف جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ ڈاکٹر

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بھارت میں کئی سال سے قید 6 پاکستانی ماہی گیر رہا کر دیے گئے، تھٹھہ کے رہائشی ماہی گیر کراچی پہنچ گئے

کراچی (این این آئی) بھارت میں کئی سال سے قید 6 پاکستانی ماہی گیر رہا کر دیے گئے۔ تھٹھہ کے رہائشی ماہی گیر کراچی پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق بھارت نے 6 ماہی گیروں کو پاکستان کے حوالے کر دیا، حکومت پاکستان نے 6 ماہی گیروں کو ایدھی ویلفیئر کو دے دیا۔ ایدھی ویلفیئر کے مطابق بھارت میں کئی سال سے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

جلسوں پر استعمال ہونے والے ٹیکس دہندگان کے پیسے کا حساب لیا جائیگا، مریم نواز

پاکستان کے 22 کروڑ عوام کے اندر کوئی ایک شخص ڈیزل کہلانے کا حق دار ہے تو وہ عمران خان ہے، بلاول 15 سال میں اردو سیکھ سکا ہو یا نہ سیکھ سکا ہو

آپ 75 سال میں تمیز نہیں سیکھ سکے، اصل چوہا عمران خان ہیں جو آٹا، چینی، لوگوں کا سکون اور پاکستان کی ترقی کو کھا گیا، میڈیا سے گفتگو

گوجرانوالہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے وفاقی حکومت پر جلسے کیلئے سرکاری ذرائع استعمال کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جلسوں پر خرچ ہونے والے ٹیکس دہندگان کے پیسوں کا حساب لیا جائے گا، کسی سے بلیک میل نہ ہونے والے دو دو نشستوں والی جماعت کے پاس بھاگے جا رہے ہیں، پاکستان کے 22

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

28 مارچ 2022ء

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان سے بچت، سرمایہ کاری بڑھانے کا مطالبہ

ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا ہے کہ مستحکم قرض کے آؤٹ لک کے باوجود پاکستان کی معیشت بدستور کمزور ہے کیونکہ گزشتہ مالی سال میں سرمایہ کاری کی شرح جی ڈی پی کے 15.2 فیصد پر بہت کم رہی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غیر ترقی یافتہ کیپٹل مارکیٹوں نے بچتوں کو غیر موثر متحرک کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، جس کے نتیجے میں بچت اور سرمایہ کاری میں بڑا فرق پیدا ہوا ہے۔ ملک کی کیپٹل مارکیٹوں کے غیر موثر کردار کی وجہ سے بینکوں کی اپنی کریڈٹ پیدا کرنے کی صلاحیت متاثر ہوئی اور معیشت غیر مستحکم غیر ملکی سرمائے پر منحصر رہی۔ ڈومیسٹک کیپٹل مارکیٹس کی ترقی سے مقامی اوپن مارکیٹ آپریشنز کے ذریعے قرض جاری کر کے مقامی کرنسی فنانسنگ تک حکومت کی رسائی میں اضافہ ہوسکتا ہے اور اس طرح زرمبادلہ کے خطرے اور افراط زر کو بہتر طریقے سے منظم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹوں کو مزید ترقی دینے، نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور پائیدار نمو کے لیے ملکی وسائل کو متحرک کرنے میں مدد کے لیے 22 مارچ کو 30 کروڑ ڈالر کے قرض کی منظوری سے منسلک ایشیائی ترقیاتی بینک کی انٹرل رپورٹ کہتی ہے کہ پاکستان کیپٹل مارکیٹ سے متعلق اہم اشاریوں میں ہم مرتبہ ممالک سے نمایاں طور پر نیچے ہے۔ مالی سال 2021 میں جی ڈی پی کے 15.2 فیصد پر پاکستان کی سرمایہ کاری کی شرح جی ڈی پی کے جنوبی ایشیائی اوسط کے 31 فیصد کا تقریباً نصف ہے۔ پاکستان ترقی کی جس سطح پر ہے اس کی معیشت کے لیے سرمایہ کاری کی یہ کم سطح سرمایہ کاروں اور کاروباری اعتماد کی کمی کی عکاسی کرتی ہے اور مستقبل کی ترقی میں بھی رکاوٹ بنتا ہے۔ نوزائیدہ کیپٹل مارکیٹ اس مسئلے کا حصہ ہیں، اسٹاک مارکیٹ کیپٹلائزیشن (جو کہ جون 2021 تک جی ڈی پی کے 17.4 پر تھی) میں گراوٹ نظر آرہی ہے اور 2020 میں بھارت کے اعداد و شمار (99 فیصد) سے کم ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان کے پاس ایشیا اور بحرالکاہل میں اپنے علاقائی ممالک کے مقابلے میں سب سے کم اوپن اینڈ فنڈ اثاثہ ہے جو کہ کل 6 ارب ڈالر یا اس کی جی ڈی پی کا تقریباً 2 فیصد ہے۔ پاکستان کا فنانس سیکٹر بنیادی طور پر بینکنگ پر مبنی نظام ہے، دسمبر 2020 تک ملک کے کل مالیاتی اثاثوں میں بینک کے اثاثوں کا حصہ تقریباً 75.5 فیصد تھا، جب کہ قومی بچت کا حصہ 12.7 فیصد، انشورنس سیکٹر کا 5.5 فیصد، اور غیر بینک مالیاتی اداروں کا 5 فیصد تھا، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بینک کے زیر انتظام اس طرح کا مالیاتی شعبہ نان بینکنگ سیکٹرز اور کیپٹل مارکیٹ میں صلاحیت کی کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ غیر متنوع مالیاتی شعبہ مالیاتی دھچکوں اور غیر یقینی صورتحال سے نمٹنے کے قابل نہ ہونے کی وجہ سے خطرے کی نمائندگی کرتا ہے، یہ طویل مدتی فنانس اور رسک کیپیٹل سلوشنز کی ترقی میں بھی ناکام رہتا ہے۔ اس کے علاوہ رپورٹ کے مطابق اہم پیداوار کی مدت میں قابل فروخت اور مارکیٹ کے موافق سرکاری سیکیورٹیز کے کافی بقایا اسٹاک کی کمی مقامی کرنسی میں مالی گہرائی کے لیے ایک موثر قیمتوں کا تعین اور رسک مینجمنٹ بینچ مارک کی تشکیل کو متاثر کرتی ہے، یہ بینکوں کی پختگی کی تبدیلی کو بہت زیادہ متاثر کرتا ہے، پاکستان میں بینک بنیادی طور پر مختصر مدت کے قرضے پیش کرتے ہیں اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے لیے بہت محدود طویل مدتی فنانسنگ کی پیشکش کرتے ہیں۔

عمران خان کا نوحہ

حامد ولید

شوکاز نوٹس کے جواب میں کوئی منحرف رکن واپس پلٹا اور نہ اتحادیوں نے واپسی کا راستہ اختیار کیا ہے۔ الٹا پراپیگنڈہ ہو رہا ہے کہ مزید حکومتی اراکین اور وزراء چھوڑنے کے لئے تیار ہیں۔ کیا کوئی ایسا ترپ کا پتہ ہے جو عمران خان کے پاس باقی بچ گیا ہے کیونکہ اسٹیبلشمنٹ کی کسی ٹیلی فون کال والی امید ختم ہوتی جارہی ہے اور عمران خان کے پاس سوائے جلسہ کر کے اپنی مقبولیت ثابت کرنے کے کوئی راستہ نہیں ہے۔ وہ مظلومیت کی علامت بنتے جارہے ہیں اور ان کے حامی غیر ملکی سازش والی بات قبول کر رہے ہیں۔

یہ عمران خان کی کامیابی ہے۔ اس کامیابی پر آگے کی سیاست چلائی جاسکتی ہے۔ الیکٹ ایبلز کے بغیر ان کی پارٹی بن گئی ہے اور وہ تیسری آپشن کے طور پر مستحکم ہو گئے ہیں کیونکہ ان کا اپنا ووٹ بینک بن گیا ہے۔ اب ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس مستقل مزاجی کا مظاہرہ کریں جو سیاست میں کامیابی کی کلید ہوتی ہے۔ وہ میدان میں ڈٹے رہیں اور عوامی امنگوں کے ترجمان بنے رہیں۔ انہیں اپنی طبیعت میں سیاسی انداز اپنانا ہوگا۔ انہیں ایک عوامی آدمی بننا ہوگا۔ خالی سلیبریٹی بنے رہنے سے کام نہیں چلے گا، انہیں عوام کے درمیان رہنا ہوگا اور عوام کو اپنے اردگرد رکھنا ہوگا۔ انہیں چاہئے کہ وہ ریاست مدینہ کے فلسفے کو آگے بڑھائیں، وزیراعظم نہ رہ کر بھی لنگر خانوں اور پناہ گاہوں کا پروگرام چلاتے رہیں اور احساس پروگرام کو اپنا ہال مارک بنائے رکھیں۔ اگر وہ فلاحی کاموں میں اسی طرح جتے رہے تو وہ آگے سیاست کر سکیں گے۔

اب انہیں اپنے اندر دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی صلاحیت پیدا کرنی چاہئے اور وہ کرپشن کرپشن کی تکرار سے باہر نکل آئیں کیونکہ خالی کرپشن کے خلاف نعرے بازی سے وہ گورننس کر کے نہیں دکھا سکے۔ وہ عالمی سطح پر دوست بنانے میں بھی کامیاب نہیں ہوئے ہیں، ان کی کوئی لابی بھی تشکیل نہیں پاسکی۔ انہیں کسی عالمی حلقے کی حمایت حاصل نہیں ہوسکی۔ وہ خالی اسٹیبلشمنٹ کا گھوڑا اور ٹرمپ کارڈ بن کر رہ گئے ہیں۔ ان کی اور نواز شریف کی سیاست میں یہی فرق ہے کہ نواز شریف اپنے آپ کو ٹرانسفارم کر گئے تھے جبکہ عمران خان اب بھی اسٹیبلشمنٹ کی جانب دیکھ رہے ہیں اور یہی حال ان کے ووٹروں سپورٹروں کا ہے جنہیں سمجھ نہیں آرہی ہے کہ آخر اسٹیبلشمنٹ کی بھی کوئی ایسی مجبوری ہوسکتی ہے کہ وہ عمران خان کی حمایت سے پیچھے ہٹ گئی ہے۔

لوگوں کو عمران خان سے توقع تھی کہ وہ ان کے حالات بدل سکتے ہیں۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی بھی ان سے پیار کرتے رہے ہیں۔ وہ ان کے قول و فعل کے تضاد کو بھی برا نہیں سمجھتے اور یہی عمران خان کی کامیابی ہے۔ اب انہیں سیاست کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنانا پڑا گا اور اسے ایک پارٹ ٹائم ہابی کے طور پر لینے کی روش چھوڑنی پڑے گی۔ اب وہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ اللہ نے انہیں سب کچھ دیا ہے، انہیں کیا ضرورت ہے کہ مارے مارے پھریں کیونکہ اللہ نے انہیں جو عزت دی تھی اس کی واپسی کے امکانات بڑھتے جارہے ہیں۔ اب وہ جوان رعنا نہیں رہے، وہ بوڑھے ہو گئے ہیں۔ انہوں نے سب کچھ حاصل کر کے گنوا دیا ہے۔ اب انہیں مزید کی تمنا نہیں چھوڑنی چاہئے کیونکہ ایسا کیا تو وہ سیاست میں ڈھیلے پڑ سکتے ہیں جس کا ان کے مخالفین کو شدت سے انتظار ہے تاکہ وہ ان پر کردار کشی کے تابڑ توڑ حملے شروع کر سکیں۔ ان کے گرد ان کی پارٹی کا متحد رہنا از حد ضروری ہے۔

عمران خان یہ بات تو تب سنیں جب وہ کسی کی سنتے ہوں۔ نصیحت لینے پر ایمان رکھتے اور مشاورت کے عادی ہوں۔ انہوں نے میں نہ مانوں کی رٹ لگا کر اپنے آپ کو تنہا کر لیا ہے۔ بیساکھیاں ان کی پہچان بن گئی ہیں۔ وہ کامیاب ہو کر ناکام ہو گئے ہیں۔ تیسری سیاسی قوت کی بجائے تیسرا مذاق بن گئے ہیں۔ انہوں نے لوگوں کو مایوس کیا ہے۔ ان کی وجہ سے لوگوں کا اپنے درمیان موجود اچھے لوگوں پر یقین اٹھ گیا ہے۔ پی ٹی آئی کی نواز شریف کی مخالفت والی پالیسی فیل ہو گئی۔ وہ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مل کر عوام کی آنکھ میں دھول جھونکنے میں ناکام ہو گئی۔ عمران خان گئے ہیں۔ ان کی اور نواز شریف کی سیاست میں یہی فرق ہے کہ نواز شریف اپنے آپ کو ٹرانسفارم کر گئے تھے جبکہ عمران خان اب بھی اسٹیبلشمنٹ کی جانب دیکھ رہے ہیں اور یہی حال ان کے ووٹروں سپورٹروں کا ہے جنہیں سمجھ نہیں آرہی ہے کہ آخر اسٹیبلشمنٹ کی بھی کوئی ایسی مجبوری ہوسکتی ہے کہ وہ عمران خان کی حمایت سے پیچھے ہٹ گئی ہے۔

لوگوں کو عمران خان سے توقع تھی کہ وہ ان کے حالات بدل سکتے ہیں۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی بھی ان سے پیار کرتے رہے ہیں۔ وہ ان کے قول و فعل کے تضاد کو بھی برا نہیں سمجھتے اور یہی عمران خان کی کامیابی ہے۔ اب انہیں سیاست کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنانا پڑا گا اور اسے ایک پارٹ ٹائم ہابی کے طور پر لینے کی روش چھوڑنی پڑے گی۔ اب وہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ اللہ نے انہیں سب کچھ دیا ہے، انہیں کیا ضرورت ہے کہ مارے مارے پھریں کیونکہ اللہ نے انہیں جو عزت دی تھی اس کی واپسی کے امکانات بڑھتے جارہے ہیں۔ اب وہ جوان رعنا نہیں رہے، وہ بوڑھے ہو گئے ہیں۔ انہوں نے سب کچھ حاصل کر کے گنوا دیا ہے۔ اب انہیں مزید کی تمنا نہیں چھوڑنی چاہئے کیونکہ ایسا کیا تو وہ سیاست میں ڈھیلے پڑ سکتے ہیں جس کا ان کے مخالفین کو شدت سے انتظار ہے تاکہ وہ ان پر کردار کشی کے تابڑ توڑ حملے شروع کر سکیں۔ ان کے گرد ان کی پارٹی کا متحد رہنا از حد ضروری ہے۔

عمران خان یہ بات تو تب سنیں جب وہ کسی کی سنتے ہوں۔ نصیحت لینے پر ایمان رکھتے اور مشاورت کے عادی ہوں۔ انہوں نے میں نہ مانوں کی رٹ لگا کر اپنے آپ کو تنہا کر لیا ہے۔ بیساکھیاں ان کی پہچان بن گئی ہیں۔ وہ کامیاب ہو کر ناکام ہو گئے ہیں۔ تیسری سیاسی قوت کی بجائے تیسرا مذاق بن گئے ہیں۔ انہوں نے لوگوں کو مایوس کیا ہے۔ ان کی وجہ سے لوگوں کا اپنے درمیان موجود اچھے لوگوں پر یقین اٹھ گیا ہے۔ پی ٹی آئی کی نواز شریف کی مخالفت والی پالیسی فیل ہو گئی۔ وہ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مل کر عوام کی آنکھ میں دھول جھونکنے میں ناکام ہو گئی۔ عمران خان نواز شریف کا متبادل بن سکے نہ بھٹو کا اور نہ جنرل ضیاء الحق کا! وہ صرف مشرف کی باقیات بن سکے۔ سیاست ان کا میدان ثابت نہ ہوسکی۔ وہ یہ بات نہ منوا سکے کہ سیاست شرفاء کا کام ہے کیونکہ اپنی کوتاہ نظری کا شکار ہو گئے۔ وہ دیوار کے پار دیکھنے کی صلاحیت کا مظاہرہ نہ کر سکے۔ سیاسی طور پر وہ بودے ثابت ہوئے۔ وہ ایک سٹیشن مین کی اداکاری کرتے رہ گئے۔ او آئی سی کے اجلاس سے خطاب کے بعد بھی ان کی عالمی رینکنگ میں اضافہ نہ ہوا۔ کہیں سے بھی ان کو مبارکبادوں کے ٹوکرے نہ پہنچے۔ وہ ایکسپوز ہو گئے اور وہ ان فٹ ثابت ہوئے ہیں۔

اتوار کا جلسہ انہیں بچا نہیں پائے گا۔ انہیں یاد ہوگا کہ نواز شریف کے بھاری بھرکم جلسے بھی انہیں بچا نہیں سکے تھے۔ وہ اپنی مقبولیت دکھا کر وزیراعظم ہاؤس پر قابض نہیں رہ سکتے ہیں۔ کیا ان کے پاس دکھانے کو کارکردگی کے باب میں کچھ نہیں ہے۔ چین ان کا ہمنوا ہے نہ ہی روس نے ان پر نوازشات کے دروا کئے ہیں۔ الٹا کشمیر کے لئے ٹرمپ کی ثالثی کا ان سے کیا گیا وعدہ محض ایک ڈھونگ ثابت ہوا۔ وہ شعبدہ بازی کرتے رہے اور وہ ہیٹ سے کبوتر نکال کر عوام کو خوش کرتے رہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو مایوس کر دیا اور ان سے امید چھین لی۔ وہ جوانوں کو اپنی طاقت نہ بنا سکے۔ ان میں موجود اپنے لئے پیار کا جواب پیار سے نہ دے سکے۔ وہ اپنی رعونیت اور تکبر کے ہاتھوں مارے گئے۔ وہ جوانوں کو کامیابی کا گر نہ سکھا سکے۔ انہوں نے سیاست میں منہ مار کر عزت سادات گنوا دی اور وہ عبرت کا نشان بن گئے۔ وہ تنہائی کے قیدی بن گئے ہیں۔ اب وہ دوبارہ سے 90 دنوں میں کرپشن کے خاتمے کا دعویٰ نہیں کر سکتے ہیں۔ پچاس لاکھ گھروں اور ایک کروڑ نوکریوں کا وعدہ نہیں دہرا سکتے ہیں۔ سبز پاسپورٹ کی عزت بحال کرانے کا عزم نہیں سنا سکتے۔ ان کا نیا گالا واقعی فنی گالا بن گیا ہے۔ غالب کا شعر ان کے حسب حال ہے کہ

دیکھو مجھے جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو
میری سنو جو گوش حقیقت نیوش ہے

ازسرنو اسلام

رائے ارشاد کمال

بہت کم کھلتی ہے، جو سفر حیات میں اکیلا نہیں ہو، فکری نشوونما میں ادھورا قرار پایا پورا ہونے کے لئے ہمسفروں سے آگے نکل جانا، شرط اول ہے، بلندیوں کی راہ اور چاہ میں کئی خوشگوار عذاب بھی اترتے ہیں، ارتقاء میں خلوت فطرتی اعزاز بھی ہے، امتیاز بھی۔

اس کے طرز بود و باش عام سی تھی، بلکہ عام سے بھی عام، لیکن حقیقت میں عامیانہ دائروں سے بیگانہ، وہ فکر و نظر اور علم کے سوا بڑائی کسی چیز کو جانتا اور مانتا ہی نہ تھا، پھر علم کی سطح پر عمل! الغرض وہ اپنی وضع قطع میں ہر جدت سے منفرد تھا۔ حافظ آباد جیسے دشت میں شہر کہنا جائز مناسب ہی نہیں، موزوں بلکہ موزوں ترین ہے چند باکمال مشاہیر سے منسوب ہے، فہرست کے آخری حصہ میں محمد اقبال بٹ بھی شامل ہوتے ہیں، بعض کامریڈ کے لاحقہ سے بھی جانتے پہچانتے ہیں یہ مگر وہ نہیں جو صرف اقبال کامریڈ تھے، وادیٔ سیاست کے نظریاتی خارزار کے مقامی گلی کوچوں میں نام کمایا اقبال بٹ لکھتا تو نہیں تاہم پڑھتا اور بولتا بہت زیادہ تھا۔ اس کے یہ تیور بڑھاپے کی سمت قدم اٹھا کر بھی قائم و دائم رہے! ان کی کہانی کا ایک ورق ان کی زبانی سنیئے۔

"گوجرانوالہ سے پرانے سرگودھا روڈ پر حافظ آباد سے پہلے ایک قصبہ نوکھر میں آنکھ کھولی، ستر کی دہائی میں جامعہ پنجاب سے گیسوئے اکنامکس کے پیچ و خم میں الجھا، داس کیپٹل! (سرمایہ) پڑھنے لگا تو اسی کا ہو کے رہ گیا، اسے حرف بہ حرف کھنگالا اور لفظ بہ لفظ چبایا، جانا شاید غریبوں کے دکھ درد کا کوئی علاج ڈھونڈ نکالا ہے اسلام اور حضرت ابوذر غفاری کے معاشی فکر و نظر سے بعد میں آگاہ ہوا، جن دنوں پاکستان پیپلز پارٹی طلوع ہوا چاہتی تھی اور ذوالفقار علی بھٹو شہید نے مرحوم و مظلوم طبقات میں گویا آگ لگا دی، میں بھی اسی کشمکش میں کود پڑا میرے پاس بھی زبان، بیان کی تلوار تھی، جوش

انقلاب میں کہاں کہاں نہیں گیا، اور کیا کیا نہیں کیا؟ وہ اداس رات مجھے آج تک یاد ہے، دن بھر کی مہم سے تھکا ہارا گھر آیا تو ماں جاگ اور رو رہی تھی، سبب پوچھا تو بولی، تمہاری زندگی کو رو رہی ہوں فلاں مسجد کے مولوی صاحب نے جمعہ میں فتویٰ دے دیا ہے کہ تم منکر خدا، کافر اور واجب القتل ہو، جو اسے جہنم رسید کر دے، وہ سیدھا جنت میں چلا جائے گا، مجھے ڈر ہے کہ تجھے کسی وقت کوئی بھی مار دے گا میں نے، اقبال بٹ بتاتے تھے، اداکارانہ زندہ دلی کا مظاہرہ کیا اور ماں کو جھوٹی موٹی تسلی دی کہ کچھ نہیں ..... ہونے والا، صبح سارا معاملہ سلجھ جائے گا، نیند آنکھوں کے قریب کہاں پھٹکتی، دراصل انداز بجھ سا گیا تھا، ہوا مگر یہ کہ فجر کی اذان کے ساتھ ہی ایک عمدہ ترکیب سوجھی، دل مطمئن سا ہو گیا، اٹھا، خنجر نیفے میں اڑسا، اور ان مولوی صاحب کے گھر جا پہنچا، جبکہ وہ بعد از نماز تشریف لے آیا کرتے تھے، آتے جاتے اکا دکا افراد نے بھی مجھے یہاں دیکھا، کل کے فتوے کی بدولت گلی میں ہی رک گئے، خیر دروازے پر دستک دی، وہ آتے دیکھا تو فرمایا مردود! تو یہاں؟ عرض کیا، حضور! آپ نے جمعے میں یہ فتویٰ ثبت کیا ہے فرمایا، کیا غلط ہے؟ بولا نہیں، جناب! اسی لیے تو حاضر ہوا اور آلہ قتل بھی ساتھ لایا ہوں قتل کر دینے کے اس نیک عمل کا ثواب اور جنت کوئی اور نہ لے جائے لے جائے بسم اللہ کیجئے اور گنہگار کو مار دیجئے! یہ دیکھا تو مولوی صاحب نے کچھ سخت کلمات فرمائے، اور اندر سے چھٹ کو اڑ بند کر دیئے یہ ماجرہ دیکھا تو وہ آدمی میرے نزدیک آگئے، میں ان کی جانب متوجہ ہوا اور کہا آپ نے چشم خود دیکھ لیا نہ کہ یہ لوگ ثواب اور جنت بیچتے تو ضرور ہیں مگر خود خریدتے بالکل بھی نہیں دن چڑھنے تک ان کی تقریر کا منفی اثر زائل اور شاید میں بھی از سر نو مشرف بہ اسلام ہو چکا تھا۔

انکار کی جرأت ہوئی کیونکر؟

تدبر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

زندگی کی متاع عزیز کیا ہے؟ روپیہ پیسہ، زر و جواہر، زمینیں اور جائداد، منصب، جاہ وجلال، نامورری، داد و تحسین، صلہ وستائش، بیوی بچے عزیز و اقربا، یار دوست۔ کیا یہی ہے زندگی کی متاع عزیز! تو پھر نظریہ کیا ہے، اصول کیا ہے، حق و صداقت کیا ہے، دار و رسن کیا ہے، شہادت کیا ہے، عشق کیا ہے، محبت کیا ہے، بے غرضی کیا ہے، جاں نثاری کیا ہے، مرنا کیا ہے؟؟؟ بتایئے پھر یہ سب کیا ہیں؟ کسے کہتے ہیں متاع عزیز؟ کیا انکار متاع عزیز نہیں ہے؟ جبر کے سامنے انکار، فرعونیت کا انکار، صلہ کا انکار، سودے بازی سے انکار، دولت بے بہا کا انکار، باطل کا انکار، سر جھکانے سے انکار، ظلم وجبر کا انکار، رب کی حاکمیت کے سوا سب کا انکار ..... انکار متاع عزیز نہیں ہے تو پھر کیا ہے انکار؟ انکار اور یکسر انکار، پورے شعور کے ساتھ انکار۔ کوئی مصالحت نہیں، بالکل بھی نہیں ..... مجسم انکار ..... باطل کے سامنے، طاغوت کے سامنے، رب کے باغیوں کے سامنے، نفس پرستوں کے سامنے، دنیائے حرص وتحریص کے سامنے، دھوکے کے سامنے، بے وفائی کے سامنے، خدائی لہجے میں بات کرنے والوں کے سامنے ..... انکار اور یکسر انکار ..... پورے شعور اور پورے وجود کے ساتھ انکار۔ بس انکار۔

دلیل چاہے کتنی بھی مضبوط ہو، رب کے سامنے کیا حیثیت رکھتی ہے! بس انکار، لیکن انکار اپنے نفس کو خوش کرنے کیلئے نہیں، نفس کو خوش کرنے کیلئے انکار، انکار ابلیس ہے۔ اپنے رب کیلئے انکار ..... یہی ہے اصل اور کچھ نہیں۔ نہیں مانیں گے کسی کی بھی۔ کسی طاقت کی، کسی بھی نظام باطل کی ..... نہیں مانیں گے چاہے لاکھ دلیلیں دو۔ بس مانیں گے تو صرف رب اعلیٰ کی، بس اسی کی اور کسی کی بھی نہیں۔ یہی توحید ہے اور ہے کیا توحید! میرا دین تو شروع ہی انکار سے ہوتا ہے یعنی لا سے۔ پہلے انکار کی منزل ہے پھر تسلیم کی۔ میں انکار کیے بغیر تسلیم کیسے کر سکتا ہوں! اگر میں انکار نہ کروں اور تسلیم بھی کروں تو یہ منافقت ہے، کھلا تضاد ہے جو قابل قبول نہیں۔ ملاوٹ نہیں خالص درکار ہے بالکل خالص ..... چاہے ذرہ ہی ہو۔ ملاوٹ شدہ پہاڑ درکار نہیں ہے۔ یہی ہے اخلاص اور کیا ہے!

توحید تو یہ ہے کہ خدا خود حشر میں کہہ دے
یہ بندۂ دو عالم سے خفا میرے لئے ہے!

انکار روح اسلام ہے۔ انکار روح حسینیت ہے۔ انکار ..... جا نہیں مانیں گے۔ تمہارے دھوکے تمہیں مبارک، ہمارا سچ ہمیں۔ انکار لکھنے میں بہت آسان ہے۔ پنج حرفی لفظ بہت آسان ہے لکھنا، کرنا بہت مشکل ہے۔ جان لیوا ہے، بہت نقصان دہ، بہت قربانی چاہتا ہے۔ خود سے بھی لڑنا پڑتا ہے۔ اپنا انکار بھی نہیں اپنی بھی نہیں مانوں گا۔ بہت مشکل ہے یہ بہت کٹھن منزل۔ معرکۂ خیر و شر کیا ہے؟ معرکہ حق و باطل کیا ہے؟ یہی تو ہے، حق کا ساتھ دینا خیر، باطل کا ساتھ دینا شر۔ رب کے سامنے تسلیم خیر اور ابلیس کا پیروکار بننا شر۔ معرکۂ خیر و شر یہی ہے۔ بس یہی ہے۔ پورے عالم میں یہی کچھ ہوتا ہے۔ ہوتا رہے گا۔ نہیں رکے گا یہ معرکہ۔ کربلا کا درس کیا ہے؟ جنگ بدر کیا ہے؟ معرکہ احد میں دندان مبارک شہید ہو گئے، چچا حمزہ کے ٹکڑے کر دیئے گئے، بلک بلک کر رو دیئے لیکن سر تشکر سے جھک گئے کہ یہی اللہ کی مرضی، جہاد گیاہ ہے؟ یہی ہے بس۔ سب کا درس ایک ہے: بس انکار۔ انکار کرو تو جان سے گزرنا پڑتا ہے۔ خاندان نثار کرنا پڑتا ہے۔ سب کچھ قربان کرنا پڑتا ہے۔ آگ و خون میں نہانا پڑتا ہے۔ خاک آلود ہونا پڑتا ہے۔ اپنی خواہشات کو ذبح کرنا پڑتا ہے۔ تیغ دھار پر سے گزرنا پڑتا ہے۔ لاشے اٹھانے پڑتے ہیں۔ جب شعور کے ساتھ انکار ہو تو ہر لاشہ اٹھاتے ہوئے یقین بڑھتا ہے۔ پختگی آتی ہے۔ رب اعلیٰ کیلئے سب کچھ قربان کرنے کا حوصلہ پیدا ہوتا ہے۔

انکار جتنی شدت اختیار کرتا چلا جائے انقلاب اسی شدت سے نمودار ہوتا ہے اور پھر ہمارا مسئلہ نتائج نہیں، کارزار خیر و شر میں اپنا کام سرانجام دینا ہے۔ ایسے ویسے چونکہ چنانچہ لیکن ویکن نہیں، یکسر انکار۔ رب پر کامل یقین کے ساتھ باطل کا انکار۔ طاغوت کا انکار۔ خون رنگ لاتا ہے، پھر انقلاب آتا ہے۔ کب رکا تھا معرکہ حق و باطل! نہیں رکے گا یہ معرکۂ خیر و شر۔ بس غالب وہی رہیں گے جو اپنے رب کے ساتھ جڑے رہیں گے۔ پورے یقین کے ساتھ، پوری سرشاری کے ساتھ۔ انکار روح دین ہے، باطل کا انکار۔ طاغوت کی ہر شکل کا انکار، یکسر انکار کوئی مصالحت نہیں، بالکل بھی نہیں۔ قربانی ہی قربانی، سرشاری ہی سرشاری!

ارض وطن پر ایک مرتبہ پھر مایوسی کے گھنے بادل چھائے نظر آرہے ہیں اور یہی ابلیس کا وہ وار ہے جس کیلئے اس نے اللہ کو چیلنج کرتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ وہ بنی آدم کو اللہ کے راستے سے ہٹانے کیلئے ہر اوچھا وار استعمال کرے گا۔ سیاسی ابتری کے دور میں مکار ہندو کی طرف سے براہموس میزائل کو ایٹمی وار ہیڈ کے بغیر پاکستان کی حدود میں پھینکنا اسی شیطانی عمل کا تسلسل ہے کہ قوم اس وقت دست و گریباں ہے لیکن مجھے اپنے آقا ﷺ کا فرمان یاد آرہا ہے جسے امام نسائی نے اسی حدیث کو اپنی دو کتابوں میں نقل کیا ہے جس کا مفہوم ہے کہ: محمد ﷺ بن عبد اللہ کے آزاد کردہ غلام ثوبان روایت کرتے ہیں۔ میری امت میں دو گروہ ایسے ہوں گے جنہیں اللہ تعالیٰ نے آگ سے محفوظ کر دیا ہے، ایک گروہ ہندوستان پر چڑھائی کرے گا اور دوسرا گروہ جو عیسیٰ ابن مریم کے ساتھ ہو گا۔ ایک اور مستند روایت کے مطابق "اہل ہند کے مسلمان پہلے اہل کفر ہند سے جنگ کریں گے اور ان کے امراء اور روساء کو گرفتار کریں گے پھر شام میں مریم کے بیٹے کا ساتھ دیں گے۔

حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ہندوستان کا تذکرہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: ضرور تمہارا ایک لشکر ہندوستان سے جنگ کرے گا، اللہ ان مجاہدین کو فتح عطا فرمائے گا حتیٰ کہ وہ (مجاہدین) ان کے بادشاہوں کو بیڑیوں میں جکڑ کر لائیں گے اور اللہ ان کی مغفرت فرما دے گا۔ پھر جب وہ مسلمان واپس پلٹیں گے تو عیسیٰ ابن مریم کو شام میں پائیں گے۔ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا "اگر میں نے وہ غزوہ پایا تو اپنا نیا اور پرانا سب مال بیچ دوں گا اور اس میں شرکت کروں گا۔ جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں فتح عطاء کر دی اور ہم واپس پلٹ آئے تو میں ایک آزاد ابوہریرہ ہوں گا جو ملک شام میں اس شان سے آئے گا کہ وہاں عیسیٰ ابن مریم کو پائے گا۔ یا رسول اللہ ﷺ! اس وقت میری شدید خواہش ہوگی کہ میں ان کے پاس پہنچ کر انہیں بتاؤں کہ میں آپ ﷺ کا صحابی ہوں۔" (راوی کا بیان ہے) کہ حضور مسکرا پڑے اور ہنس کر فرمایا: "بہت زیادہ مشکل، بہت زیادہ مشکل ..... (آگے حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں) نبی کریم ﷺ نے ہم سے غزوہ ہند کا وعدہ فرمایا۔ "اگر مجھے اس میں شرکت کا موقع مل گیا تو میں اپنی جان و مال اس میں خرچ کر دوں گا۔ اگر قتل ہو گیا تو میں افضل ترین شہداء میں شمار کیا جاؤں گا اور اگر واپس لوٹ آیا تو ایک آزاد ابوہریرہ ہوں گا۔

گویا یہ پاکستان کی منزل یا تقدیر پہلے سے طے ہو چکی ہے۔ جو مرضی کر لیں ..... اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ تندی باد مخالف کا ساتھ دینا ہے یا منافقین غم گسار کا ..... اب مخالفین جو کچھ مرضی کر لیں، جتنا مرضی زور لگا لیں، قدرت کے اٹل فیصلوں کو ٹالا نہیں جاسکتا۔ خطے میں ایسے حالات پیدا کئے جارہے ہیں کہ پاک و ہند کا محاذ ایسا گرم ہو جس کے جواب میں مکمل جنگ ہو اور اسی صورت میں میرے آقا کا فرمان مکمل ہو کر رہے گا حدیث کے دوسرے حصے کے مطابق شام میں جانے سے مراد اسرائیل کے ساتھ مکمل جنگ کی پیشگوئی ہے۔ یہ وقت اور موقع کب آئے گا، قرائن یہ بتا رہے ہیں کہ وہ وقت قریب آن پہنچا ہے اور میرا ایمان ہے کہ ایسا ہو گا ضرور، چاہے ہمارے اپنے دور میں ہو، یا آنے والی نسل کو یہ معرکہ درپیش ہو کیونکہ کتاب لکھنے والے نے اس حقیقت سے آگاہ کر دیا ہے اور لکھنے والے نے تو زمانے کی قسم کھا کر، وقت کو گواہ بنا کر خبردار کیا ہے اور زمانے میں پیش آنے والے سارے واقعات اس بات کی گواہی دے رہے ہیں کہ میرا رب اپنے اپنے وعدے کی خلاف ورزی کبھی نہیں کرتا اور اس کے احکام کی تکمیل میں کہا جانے والا "کن" فوری طور پر "فیکون" میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

یہاں کے دفاعی اور معاشی ماہرین کی کثرت اب منطقی طور پر اس نتیجے پر پہنچ چکی ہے کہ مستقبل میں پاک و ہند اور بعد ازاں اسرائیل کے ساتھ جنگ کا معرکہ ضرور پیش آئے گا اور وہ ان حقائق کا انکشاف بھی کر رہے ہیں کہ اب مغرب کا تسلط اور عروج روبہ زوال ہے، مغرب اور امریکا کی اکانومی تیزی سے بکھر رہی ہے، دن بدن تجارتی حالات اور خسارہ بے قابو ہوتا جارہا ہے، مغرب بشمول امریکا کی طاقت کا محور بھی مشرق کی طرف تبدیل ہو رہا ہے۔ یاد رہے جب اسلام الٰہا تھا تو اس وقت بھی چین اور روس دو بڑی طاقتیں موجود تھیں، اب ایک مرتبہ پھر اسلام کی نشاط ثانیہ کا سورج طلوع ہو رہا ہے اور یہی دو عالمی طاقتیں میدان میں موجود ہیں اور دونوں ایک دوسرے کی حلیف بھی ہیں۔ حالیہ او آئی سی کانفرنس میں چین کے وزیر خارجہ وانگ یی کی خصوصی شرکت سے مسلم ممالک کے اعلیٰ سفارت کاروں کو چین الاقوامی معاملات پر بیجنگ کے موقف سے آگاہ ہونے کا بہترین موقع بھی ملا ہے جہاں چین نے اس بات کا اعادہ کیا کہ فلسطینی اور کشمیری مسلمانوں کے لیے چین کی حمایت ہمیشہ غیر متزلزل رہی ہے اور آئندہ بھی بیجنگ اسلامی دنیا کے ساتھ مربوط تعاون کے لیے تیار ہے جس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ مسلم دنیا میں 600 منصوبوں پر 400 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ امریکا و مغرب یوکرین کی جنگ میں چین کو روس کا حامی سمجھ رہے ہیں اور دوسری طرف پاک امریکا تعلقات میں سر

شال بقیہ 1

اپوزیشن لیڈر بن جائے گی، پہلے میں کل از وقت انتخابات کا حامی تھا، ہمیں زبردست بجٹ پاس کرا کر عوام میں جانا چاہیے، بلاول کو آخری وارننگ دینا چاہتا ہوں کہ عمران خان کی فیملی تک نہ جائے، آرمی چیف اپنا وقت پورا کریں گے، جب وقت آئے گا اس وقت وہ فیصلہ کریں گے، کوئی کہیں نہیں جا رہا۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ اقتدار کے بھوکوں کی نااہلی اور نالائقی سے عمران خان مقبول ہو گیا ہے ورنہ میرے لیے بہت مشکل تھا۔ انہوں نے کہا کہ 7 روز کیلئے 9206660، 9218594 وزارت داخلہ کے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے نمبرز ہیں جو 24 گھنٹے کھلا رہے گا اس وقت پورا اسلام آباد کھلا ہے افواہوں پر نہ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پہنچنے میں کسی جگہ کوئی رکاوٹ ہو تو رینجرز اور ایف سی امن و امان یقینی بنانے کیلئے موجود ہیں، میں جے یو آئی (ف) سے توقع رکھتا ہوں کہ کشمیر ہائی کو کھلا رکھا جائے گا جس کا چیف جسٹس نے بھی حکم دیا تھا۔

شال بقیہ 2

تی رہیں، ہمارے ملک کے اندر موجود اپنے لوگوں کی مدد سے حکومتیں تبدیل کی جاتی رہیں، قوم جاننا چاہتی ہے لندن میں بیٹھا ہوا کس کیساتھ ملتا ہے؟ پاکستان میں بیٹھے ہوئے کردار کس کے کہنے پر چل رہے ہیں؟ ہمارے پاس جو ثبوت ہیں، ہر چیز کو ظاہر کر رہا ہوں، اس سے زیادہ تفصیل میں بات نہیں کر رہا کہ کوئی ایسی بات نہ کر دوں ملک کو نقصان پہنچے، ہم کسی کی غلامی قبول نہیں کریں گے، ہم سب سے دوستی کریں گے غلامی نہیں کریں گے، جو مرضی یہ کر لیں، حکومت جاتی ہے جائے، جان جاتی ہے تو جائے کبھی ڈاکوؤں کو نہیں چھوڑیں گے، جب پاکستان کی پارلیمنٹ میں ووٹنگ ہوگی تو قوم دیکھے گی ایک ایک آدمی کو دیکھنا ہماری طرف سے جو ووٹ ڈالے جائیں گے، ان کو میرا پیغام ہے یہ نہیں کرنا، قوم کبھی آپ کو معاف نہیں کریگی۔ اتوار کو یہاں پریڈ گراؤنڈ میں امر بالمعروف جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ سب سے پہلے اپنی قوم کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ جس طرح میری کال پر پاکستان کے ہر کونے سے یہاں آئے اور میں آپ سے اپنے دل کی باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ملک ایک عظیم نظریے کے تحت بنا تھا، وہ نظریہ ایک فلاحی ریاست تھا جو مدینہ کے اصولوں پر کھڑا کرتا تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مجھے بڑی دیر تک پاکستان کے نظریے کا پتا نہیں تھا تاہم اپنے ذاتی تجربے پر پتا چلا، جب مجھے دین کی سمجھ آئی تو وہ نظریہ مجھے مغرب میں نظر آیا اور پچھلی دفعہ برطانیہ گیا تو سمجھ آیا فلاحی ریاست کیا ہوتی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ ہم فلاحی ریاست کی طرف نکل چکے ہیں، ہم وہ ملک ہے جو دنیا میں جو ترقی پذیر ممالک ہیں وہاں ہیلتھ انشورنس نہیں ہے لیکن ہم ہیلتھ انشورنس لے کر آئے ہیں۔

شال بقیہ 3

نے کہا کہ میرا اور میرے بیٹے کا ووٹ عمران کی امانت ہے، اس میں خیانت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ضمیر کا سودا نہیں کریں گے، عمران کو جھکانے کیلئے وہ سب اکٹھے ہو گئے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وہ کہتے ہیں خان تم این آر او دے دو ہم عدم اعتماد واپس لے لیں گے، قوم فیصلہ کر چکی، زرداری، نواز اور فضل الرحمان کو این آر او نہیں ملے گا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ میرے سینے میں بہت سے راز ہیں، چاک کر دوں تو یہ منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے، میں نے اپنے کپتان کو بتا دیا کہ منصوبہ کیا ہے، منصوبہ بندی کہاں ہو رہی ہے، یہ فیصلہ عمران پر ہے وہ قوم کو کتنا اعتماد میں لینا چاہتے ہیں۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ یہ قوم جاگ چکی ہے اور جب جب قومیں جاگیں تو تاریخ بدل گئیں، جب پشاور پر آرمی پبلک اسکول پر حملہ ہوا اور قوم جاگی تو دہشت گردوں کو شکست ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اب قوم جاگی ہے تو بتاؤ لوٹیروں کو شکست ہوگی یا نہیں، آصف علی زرداری کے پاس جتنی دولت ہے وہ لے آئے کیونکہ اس میں سے ایک کارکن فروخت ہونے کیلئے آمادہ نہیں ہوگا، کچھ ضمیر بکتے ہیں تو کچھ کھڑے ہو جاتے ہیں۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان کی عوام نے کپتان پر اعتماد کا اظہار کر دیا۔ انہوں نے قوم کو مخاطب کر کے کہا کہ یہ قوم دیکھ رہے ہو کہ عمران خان ایک تنہا ہے، متحدہ اپوزیشن کا نشان، جھنڈا اور منشور ایک نہیں ہے، وہ سب اکٹھے ہو گئے، قوم سے پوچھتا ہوں کہ عمران خان کا سر نیچا کرنے دو گے۔

شال بقیہ 4

اراکین قومی اسمبلی شیخ فیاض الدین، راجہ اسمٰعیل اور ملک رشید احمد بھی شریک ہوئے۔ شاہ زین بگٹی نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے پاکستان کی قوم سے سوائے وعدوں کے کچھ نہیں کیا، جس طرح یہ اپوزیشن پر تنقید کر رہے ہیں یہ سیاسی اخلاقیات سے باہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم حکومت کے ساتھ ساڑھے 3 سال چلے، ہم نے بڑی کوششیں کیں کہ کچھ بہتری آ سکے، کئی بار ان کے پاس گئے، ہمیں مینڈیٹ دیا گیا تھا کہ بلوچستان میں امن و امان اور بہتری آئے، ہمیں جو ذمہ داری دی گئی تھی اس کے لیے ہم نے بڑی کوشش کی لیکن ہم حکومت اپنی جانب سے کچھ نہ ڈلیور کر سکی۔ انہوں نے کہا کہ ہم سے لاپتا افراد کی واپسی اور بلوچستان میں امن و امان کے حوالے سے وعدے کیے گئے لیکن ہمیں محض دلاسے دیے گئے جس سے بلوچستان کے عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچی۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو یہاں آئے، انہیں خوش آمدید کہتے ہیں اور ملکی صورتحال کو دیکھتے ہوئے فیڈرل گورنمنٹ کی کابینہ سے استعفیٰ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم پی ڈی ایم کے ساتھ کھڑے ہیں اور پاکستانی قوم کی بہتری کے لیے جو کچھ کر سکیں گے وہ کریں گے۔ اس موقع پر بلاول بھٹو نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم بگٹی صاحب کے بہت شکر گزار ہیں، ایسے وقت میں یہ ایک بہترین فیصلہ ہے جب ملک دوراہے پر کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 3 سال میں بگٹی صاحب نے اپنے طور پر بلوچستان کے عوام کے لیے بھرپور کوشش کی لیکن وزیر اعظم اور ان کی حکومت نے اپنے ان اتحادیوں کے ساتھ وہی سلوک کیا جو انہوں نے اپوزیشن اور پاکستانی عوام کے ساتھ کیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم جمہوری وطن پارٹی کا اور بگٹی صاحب کا بہت شکر گزار ہیں کہ انہوں نے یہ بہادرانہ فیصلہ کر کے پوری دنیا کو ایک پیغام پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 3 سال حکومت کے ساتھ کام کرنے کے بعد یہ لوگ اس نتیجے پر پہنچے ہیں، حکومت کے دیگر اتحادیوں سے بھی ہماری بات چیت ہو رہی ہے، میرا خیال ہے وہ سب بھی اپنے اپنے فیصلے کر چکے ہیں، اب یہ ان کی اپنی مرضی ہے کہ وہ کب اور کس طرح اپنا فیصلہ قوم کے سامنے رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دشمنوں کو یہ غلط فہمی ہے کہ وہ بلوچستان کی صورتحال کا فائدہ اٹھا سکیں گے، بگٹی صاحب کی موجودگی میں کوئی پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے سرپرائز کے اعلانات کے لیے اب بہت دیر ہو چکی ہے، اب وزیر اعظم کا وقت ختم ہو چکا ہے، جو کرنا تھا وہ پہلے 3 سال میں کرنا چاہیے تھا، اب پروپیگنڈا اور دباؤ کی کوششیں نہیں چلیں گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ غیر جمہوری شخص سے جمہوری انتقام لیں گے، ہم جمہوری احتجاج کریں گے، ہم پارلیمان میں اس کو شکست دیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہم آپ کو مبارک باد دیتے ہیں، قوم کو مبارک باد دیتے ہیں یہ جمہوری انداز میں شکست کھا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب جمہوری طریقے سے یہ نہیں جیت سکتے یہ غیر جمہوری ہتھکنڈا یا دھاندلی ہی کر سکتا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے ہمارے صوبے کے حقوق اور جمہوری حقوق پر سوالات اٹھا رہے ہیں، ہماری سابق دور میں بھی کوشش تھی کہ جہاں بھی شکایتیں تھیں انہیں دور کریں، صدر زرداری نے 18

ویں ترمیم کے ذریعے صوبوں کو ان کا حق دیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ کے ذریعے تمام صوبوں کو ان کا حق دیا گیا، معاشی مسائل کے باوجود ہم نے بلوچستان کے حق سے کوئی کٹوتی نہیں کی تھی۔

شال بقیہ 5

نے کہا کہ خواتین میں لیٹریٹ ہے اور وہ پاکستان میں 70 سے 80 فیصد میرٹ پر میڈیکل کالجوں میں داخلہ لیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کی راہ میں آنے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے موثر رابطہ وقت کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں آئی بی اے کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایس اکبر زیدی نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو کانفرنس میں خوش آمدید کہا۔ ایس اکبر زیدی نے کہا کہ اس کانفرنس میں چھوٹے سے لے کر بڑے مسائل پر بحث مباحثہ کیا گیا ہے جس میں معذوری پر گفتگو بھی شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین کی نمائندگی کو بھی یقینی بنایا گیا ہے۔

شال بقیہ 6

نے کہا ہے کہ جذبہ جنون سلامت! سڑکوں سے بے یو آئی اور نون کے نام نہاد قافلے غائب ہو چکے ہیں۔ اپنے بیان میں چوہدری فواد حسین نے کہا کہ جذبہ جنون سلامت! سڑکوں سے بے یو آئی اور نون کے نام نہاد قافلے غائب ہو چکے ہیں، تمام راستے تمام قافلے عمران خان کے ہیں۔

شال بقیہ 7

نے کہا کہ رات 2 بجے تک لوگوں کا ہجوم تھا تاہم ہم نے فیصلہ کیا کہ لوگوں کو انتظار کروانے کے بجائے جلسہ پیر تک ملتوی کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالا کے عوام کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے ایک جلسہ گزشتہ روز کیا اور ایک جلسہ اب کریں گے تو 24 گھنٹوں سے کم وقت میں اتنے بڑے جلسے کرنا صرف گجرانوالا کے عوام کا کام ہے، جس پر ان کو سلام پیش کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جو لانگ مارچ ابھی ہم کر رہے ہیں، مہنگائی مارچ کا اصل نام رد الفساد یا رد الشیطان ہونا چاہیے کیونکہ پاکستان میں پچھلے 75 برسوں میں اس طرح کا فساد نہیں دیکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ امر بالمعروف کا جلسہ ہو رہا ہے تو قوم کے سامنے یہ بات رکھنا چاہتی ہوں کہ آپ نے قومی وسائل اور قوم کا پیسہ، ٹیکس دہندگان کے خون پسینے کی کمائی اپنے جلسے کی نذر کر کے، سرکاری ریل، سرکاری گاڑیاں اور سرکاری وسائل استعمال کر کے جلسے کرنے کا حق آپ کو کس نے دیا ہے، یہ آپ کا خاندانی پیسہ تو نہیں ہے، یہ پاکستان کے عوام کی محنت کی کمائی ہے جو اس طرح آپ جلسوں میں اڑا رہے ہیں۔ وفاقی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ دو ہفتے تاخیر کر کے وقت لینا چاہتے تھے، جانتے تھے کہ جلسوں میں کوئی نہیں آئیں گے۔

شال بقیہ 8

چھپتا ہے، جب عوام میں جاؤ گے تو جوتے پڑیں گے اور آپ کے منہ پر کالا رنگ ڈالا جائے گا، آپ اپنے بچوں کی بے عزتی مت کرائیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ وہ دت عمران خان کا ملا تو آپ کو کیسی جرات ہوئی کہ آپ ہمیں چھوڑ کر جاتے، مجھے پتا ہے جب الیکشن آیا تو ان لوٹوں سے آپ نے بدلہ لینا ہے، ان کا منہ کالا کر کے گدھے پر بٹھانا ہے اور کوئی راستہ نہیں ہے کیونکہ جو شرمندہ کام انہوں نے کیا اس کی مثال نہیں نہیں ہے۔ وزیر دفاع پرویز خٹک نے جلسہ گاہ میں موجود لوگوں سے اگلے انتخابات میں بھی وزیر اعظم کی حمایت کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ مجھے امید ہے کہ عوام آخری سانس تک عمران خان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔

شال بقیہ 9

سیاستدانوں کا کام ہے، یہ جنگ آپ صرف پاکستان نہیں پوری مسلم امہ کیلئے جیتیں گے۔ اسد عمر نے وزیر اعظم کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن تو اگلے سال ہے تاہم دل کہتا ہے الیکشن کال کر ہی کر لو تا کہ پتہ چل جائے پاکستان کس کے ساتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے دنیا کو بتایا ہے کہ وہ جتنی سب سے کریں گے، امن میں سب کے ساتھ ہیں تاہم غلامی کسی کی نہیں کریں گے، یہ جنگ آپ پاکستان کیلئے نہیں پوری مسلم امہ کے لیے جیتیں گے۔

شال بقیہ 10

کا فون چوس رہے ہیں، ان کے پیسے باہر پڑے ہیں، یہ سارا ڈرامہ ہو رہا ہے کہ عمران مشرف کی طرح گھٹنے ٹیک کر انہیں این آر او دے دے، پہلے دن سے یہ سب کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنرل مشرف نے اس قوم پر ظلم کیا ان کے دباؤ میں آ کر اور اپنی حکومت بچانے کیلئے ان چوروں کو این آر او دیا، ہم ان کیلئے ہوئے قرضوں کی قسطیں دینے پر بوجھ اٹھا رہے ہیں، حکومت جاتی ہے جائے، جان جاتی ہے جائے، کبھی ان کو معاف نہیں کروں گا۔

شال بقیہ 11

شہباز گل نے کہا کہ پاکستانی عوام فیصلہ کرتا ہے کہ وہ ان بدعنوان لوگوں کے ساتھ جانا چاہتے ہیں جنہوں نے ملکی پیسہ لوٹ کر بیرون ملک بینکوں میں رکھا ہے یا اس مٹی کے بیٹے وزیر اعظم عمران خان کے ساتھ جن کی اولین ترجیح سبز پاسپورٹ کی عزت ہے، پاکستان کے آزادانہ فیصلے اپنے ملک میں ہونا وزیر اعظم عمران خان کا مشن ہے، ان فیصلوں کے لیے وزیر اعظم ہمیشہ ڈٹے رہے۔ گل نے کہا کہ آج بدعنوانوں کے خلاف ہر باوقار پاکستانی کی جنگ ہے، انہیں فیصلہ کرنا ہے کہ کیا وہ ڈاؤ مور ✘ پر جھکنا چاہتے ہیں یا انڈسپوزیبل نٹ کہہ کر اپنے وقار کے لیے کھڑے ہونا چاہتے ہیں، وزیر اعظم عمران خان نے پوری دنیا کے سامنے اسلاموفوبیا کے بارے میں واضح موقف اختیار کیا، عالمی رہنماؤں بین الاقوامی سطح پر ان کے موقف کو تسلیم کرتے ہیں، اب صرف وزیر اعظم عمران خان کی جدوجہد کی بدولت 15 مارچ کو اسلاموفوبیا سے نمٹنے کا عالمی دن قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے کہتا ہوں اپنی خودداری کی حفاظت کے لیے جلسہ گاہ پہنچیں، آج پاکستان کے روشن مستقبل کے بارے میں ایک بلند اور واضح پیغام دیا جائیگا۔

شال بقیہ 12

صوبائی وزراء سید احسان شاہ عبدالرشید بلوچ اور رن صوبائی اسمبلی میر جمال گمتی بھی اس موقع پر موجود تھے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گوادر کے غریب ماہی گیروں کے روزگار کے تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے اس کے ساتھ ساتھ سرحدی علاقوں کے عوام کے زریعہ معاش کو بھی بحال کیا گیا ہے تا کہ لوگوں کے گھروں کے چولہے روشن رہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جب تک سرحدی علاقوں کے لوگوں کو مناسب روزگار مہیا نہیں کیا جاتا بارڈر ٹریڈ سے منسلک انکا زریعہ معاش بحال رہے گا انہوں نے کہا لوگوں کے روزگار کے تحفظ اور انکی آزادانہ نقل و حمل کے لئے شاہراہوں پر قائم غیر ضروری چیک پوسٹوں کو ختم کر دیا گیا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کسٹم سے بھی کہا گیا ہے کہ خود کو بارڈر تک محدود رکھیں اور شہروں کے اندر اور شاہراہوں پر قائم غیر ضروری چیک پوسٹوں اور چیکنگ کو ختم کیا جائے کیونکہ یہ کسٹم کا مینڈیٹ نہیں بلکہ پولیس کے دائیرہ اختیار میں ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ بلوچستان کے سمندری حدود میں غیر قانونی ٹرالنگ صفر ہو چکی ہے اور انہوں نے وزیر اعلیٰ سندھ سے ملاقات میں بھی یہ مسئلہ اٹھایا تھا جس پر سید مراد علی شاہ نے سندھ کے ٹرالروں کی بلوچستان کے حدود میں جانے پر پابندی لگانے کی یقین دہانی کرائی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پسنی فش ہاربر کی مکمل بحالی بھی ہماری ترجیحات میں شامل ہے جسکے لئے ڈیڑھ ارب روپے کی کنسٹرکشن کی منظوری دی گئی ہے جو ٹینڈرنگ پراسس میں ہے وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ ہماری حکومت نے گوادر کے پانی کا دیرینہ مسئلہ دیرپا بنیادوں پر حل کیا ہے وفد نے گوادر کی ترقی کو خصوصی اہمیت دینے پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 13

تک نہیں چھوڑا ہے، یہ سازش کر کے شاہ عبداللہ کے ساتھ سعودی عرب گئے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ انہوں نے میچ کیا اپنے پلیٹ لیٹس کم کیے اور لندن چلے گئے، عوام ان ڈاکوؤں سے نجات چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم چاہتی ہے ڈاکو نواز شریف، شہباز شریف اور آصف زرداری لٹیرا جیل کے اندر ہوں، تین کرپٹ نواز لیڈر نہیں ڈاکو ہے۔۔

شال بقیہ 14

حکومت کو غیر آئینی، غیر قانونی اور ناجائز سمجھتے ہیں، اس حکومت کو ایک لمحے کیلئے بھی برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کو بھگانے تک ڈٹے رہینگے اور یہاں سے نہیں جائینگے۔۔

شال بقیہ 15

کرے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم عوامی پارٹی ہے اور مشاورت کا عمل ہم نے اس وقت بھی جاری رکھا ہوا ہے۔ اپوزیشن یا حکومت کی جانب جھکاؤ سے متعلق بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان اور جمہوریت کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے مذاکرات کا عمل جاری ہے، اور اب بھی ہم مشاورت کر رہے ہیں اور کسی بھی نتیجے پر نہیں پہنچے۔۔

شال بقیہ 16

چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدم اعتماد والوں کو ایسا سرپرائز ملنے والا ہے کہ ہمیشہ کیلئے عدم اعتماد کا سوچنا بھی بھول جائیں گے، عدم اعتماد ناکام ہوگی عمران خان اگلے 5 سال بھی پورے کریں گے۔ فرخ حبیب نے کہا کہ جس نے پارٹی نہیں چھوڑی وہ واپس آئیگا، لوگوں نے عمران خان کو ووٹ دیا ہے، کوئی بھی منتخب نمائندہ اس میں خیانت کریگا تو حلقے کی عوام اس سے پوچھیں گے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ مریم نواز اور بلاول کی کوئی سیاسی جدوجہد نہیں عوام کا موڈ بتا رہا ہے ووٹ میں خیانت کرنے والوں کا احتساب ہوگا۔۔

شال بقیہ 17

حمیدہ نے سندھ حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں پیپلز پارٹی کی حکومت کو 14 سال ہو گئے، سندھ میں بدترین طرز حکمرانی ہے، 14 سال حکومت کے دوران صوبے کے عوام کو پینے کا صاف پانی تک فراہم نہیں کیا گیا، سندھ کو ہیلتھ کارڈ کیوں فراہم نہیں کیا جا سکتا، سندھ کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ ڈاکٹر فہمیدہ مرزا نے سندھ حکومت کو سیکنڈ حکومت قرار دیتے ہوئے کہا کہ سندھ کے حکمرانوں نے سندھ کے لوگوں کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑ رکھا ہے، سندھ کے حکمران پنجاب جا کر کہتے ہیں کہ انصاف دیں گے، خیبر پختونخوا جا کر کہتے ہیں کہ ہم انصاف فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں ایک سویلین ڈکٹیٹر شپ ہے، وہ پیپلز پارٹی کے ورکروں کو انصاف مہیا نہیں کر سکے وہ دوسرے صوبوں کو کیا انصاف فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کابینہ کا حصہ ہیں، آج تک حکومت کے ساتھ تھے تو ہمیں اس وقت بھی حکومت کے ساتھ رہنا چاہیے اور اصولی طور پر حکومت کا ساتھ دینے کا فیصلہ میں نے کیا، ہم اصولوں پر کھڑے ہیں۔

شال بقیہ 18

قید ماہی گیر محفوظ کے رہا ہیں، ماہی گیروں میں علی حسن، علی اکبر، علی نواز اور وزیر علی اور حمزہ شامل ہیں۔ ایدھی ویلفیئر کا کہنا ہے کہ بھارت میں قید ماہی گیر 2 روز جیل رہا ہوئے تھے۔۔

شال بقیہ 19

اتحادی مسلم لیگ (ق) سے اپوزیشن کے مذاکرات جاری ہیں اور عوامی دباؤ کے باعث گجرات کے چوہدری اس (اپوزیشن) کا ساتھ دیں گے۔ یہ پوچھے جانے پر کہ کیا مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے چوہدری پرویز الٰہی کو پنجاب میں وزیر اعلیٰ بنانے سے انکار کر دیا ہے، مریم نواز نے کہا کہ ابھی تک ایسا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، اتحادی زمینی حقائق جانتے ہوئے اپوزیشن کا ساتھ دیں گے۔ حمزہ نے کہا کہ اپوزیشن مسلم لیگ (ق) سے رابطے میں ہے، عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کے بعد اپوزیشن کا اگلا ہدف پنجاب ہے۔۔

شال بقیہ 20

میں۔ لاپتا افراد جیسے سنجیدہ مسئلے کو بطور ہتھیار استعمال کرنے پر وفاقی وزیر کو سخت تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ ان ہی کی ساتھی وزیر برائے انسانی حقوق شیریں مزاری نے علی زیدی کو مخاطب کیے بغیر ایک نوٹ میں لکھا کہ پاکستان میں لاپتا افراد کا مسئلہ سنجیدہ اور دلخراش ہے کوئی مذاق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان نے ہمیشہ جبری گمشدگی کی مخالفت کی ہے، جبری گمشدگی کو جرم قرار دینے سے متعلق ہماری حکومت کا بل منظوری کے حتمی مرحلے میں ہے۔ علی زیدی کی ٹویٹ کو کوٹ کر کے معروف سوشل ایکٹویسٹ جبران ناصر نے کہا کہ حکمران جماعت فخریہ جگت بازی کرے مگر جبری گمشدگیوں کے متاثرین کا غم کوئی لطیفہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ان ماؤں بیویوں بہنوں اور بیٹیوں کی توہین ہے جو سالوں اپنے لاپتہ پیاروں کی تصویر اٹھائے ریاست سے سوال پوچھنے کی جرات کرتی ہیں، مظلوم کی مظلومیت کا مذاق اڑانے والے خود ایک دن مذاق بن جائیں گے۔ ایک اور معروف وکیل ریما عمر نے علی زیدی کے ریمارکس کے جواب میں اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ نقل کیا جس میں کہا گیا تھا کہ کسی فرد کا لاپتا ہونا انسانیت کے خلاف جرم ہے، وزیر اعظم اور کابینہ کے اراکین ملک کے عوام کی خدمت کیلئے ہیں، ریاست کا لاپتا افراد کی بازیابی کے لیے ردعمل افسوسناک ہے۔ ان کے علاوہ نوبل امن انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی کے والد نے بھی ایک ٹویٹ میں کہا کہ صرف وہ افراد لاپتا افراد کے خاندانوں کا مذاق اڑا سکتے ہیں جن کے ضمیر لاپتا ہیں۔ بعد ازاں علی زیدی نے اپنی ٹویٹ میں معافی مانگتے ہوئے کہا کہ اگر میری پوسٹ سے جبری گمشدگی کے شکار کسی فرد کی دل آزاری ہوئی ہے تو میں معذرت چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں کسی کو غیر قانونی حراست میں نہیں لیا گیا بلکہ میں نے خود گزشتہ اداوار حکومت میں لاپتا ہو جانے 100 سے زائد افراد کو بازیاب کرانے میں مدد دی تھی۔ انہوں نے وزارت انسانی حقوق کو ٹیگ کر کے کہا کہ وزارت اس غیر قانونی عمل کے خلاف قانون سازی کر رہی ہے۔۔

شال بقیہ 21

سے مہنگائی نے اپنی کریڈٹ پیدا کرنے کی صلاحیت متاثر ہوئی اور معیشت غیر مستحکم غیر ملکی سرمائے پر منحصر رہی۔ ڈومیسٹک کیپیٹل مارکیٹس کی ترقی سے مقامی اوپن مارکیٹ آپریشنز کے ذریعے قرض جاری کر کے مقامی کرنسی فنانسنگ تک حکومت کی رسائی میں اضافہ ہو سکتا ہے اور اس طرح زرمبادلہ کے خطرے اور افراط زر کو بہتر طریقے سے منظم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹوں کو مزید ترقی دینے، نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور پائیدار نمو کے لیے ملکی وسائل کو متحرک کرنے میں مدد کے لیے 22 مارچ کو 30 کروڑ ڈالر کے قرض کی منظوری سے منسلک ایشیائی ترقیاتی بینک کی انٹرم رپورٹ کہتی ہے کہ پاکستان کیپیٹل مارکیٹ سے متعلق اہم اشاریوں میں ہم مرتبہ ممالک سے نمایاں طور پر نیچے ہے۔ مالی سال 2021 میں جی ڈی پی کے 2.15 فیصد پر پاکستان کی سرمایہ کاری کی شرح جی ڈی پی کے جنوبی ایشیائی اوسط کے 31 فیصد کا تقریباً نصف ہے۔ پاکستان ترقی کی جس سطح پر ہے اس کی معیشت کے لیے سرمایہ کاری کی یہ کم سطح سرمایہ کاروں اور کاروباری اعتماد کی کمی کی عکاسی کرتی ہے اور مستقبل کی ترقی میں بھی رکاوٹ بنتا ہے۔ نوزائیدہ کیپیٹل مارکیٹ اس مسئلے کا حصہ ہیں، اسٹاک مارکیٹ کیپٹلائزیشن (جو کہ جون 2021 تک جی ڈی پی کے 4.17 پر تھی) میں گراوٹ نظر آ رہی ہے اور 2020 میں بھارت کے اعداد و شمار (99 فیصد) سے کم ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان کے پاس ایشیا اور بحرالکاہل میں اپنے علاقائی ممالک کے مقابلے میں سب سے کم اوپن اینڈ فنڈ اثاثہ ہے جو کہ کل 6 ارب ڈالر یا اس کی جی ڈی پی کا تقریباً 2 فیصد ہے۔ پاکستان کا فنانس سیکٹر بنیادی طور پر بینکنگ پر مبنی نظام ہے، دسمبر 2020 تک ملک کے کل مالیاتی

اثاثوں میں بینک کے اثاثوں کا حصہ تقریباً 5.75 فیصد تھا، جب کہ قومی بچت کا حصہ 7.12 فیصد، انشورنس سیکٹر کا 5.5 فیصد، اور غیر بینک مالیاتی اداروں کا 5 فیصد تھا۔

شال بقیہ 22

نے بے نقاب کیا؟ دنیا میں آزاد خارجہ پالیسی کی بات کرتے ہیں تو اس کی قیمت ادا کرنا پڑتی ہے، کیا اس جنگ میں عمران خان کا ساتھ دو گے؟ کیا ہر قدم عمران خان کے ساتھ کھڑے رہو گے۔ مراد سعید نے جلسہ گاہ میں موجود لوگوں سے حلف لیتے ہوئے کہا کہ پاکستانیوں، آیئے حلف اٹھائیں، ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ہم قوم کی عزت، غیرت اور سالمیت پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے اور ہم وزیر اعظم عمران خان کے ہمراہ پاکستان کو درپیش تمام اندرونی اور بیرونی خطرات کا مقابلہ کریں گے۔ مراد سعید نے کہا کہ جلسہ گاہ میں موجود لوگوں نے نہ صرف اپوزیشن کو بلکہ بیرونی طاقتوں کو بھی پیغام دیا ہے کہ وہ عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ مراد سعید نے کہا کہ مقصود چپڑاسی کے اکاؤنٹ میں 375 کروڑ کیسے آئے، مولانا فضل الرحمان بارہواں کھلاڑی بھی وزیر اعظم بننے کا خواب دیکھ رہا ہے۔۔

شال بقیہ 23

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ شاہ زین بگٹی کے درمیان اتوار کو بگٹی سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے موقع پر جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی نائب صدر میر چاکر بگٹی اور مرکزی ڈپٹی جنرل سیکریٹری مدنی بلوچ اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ سید یوسف رضا گیلانی، فیصل کریم کنڈی، شازیہ مری اور احسان اللہ مزاری موجود تھے۔ ملاقات میں مسلم لیگ ن کے اراکین قومی اسمبلی شیخ فیاض الدین، راجہ اجمل اور ملک رشید احمد بھی شریک ہوئے۔۔

شال بقیہ 24

ہیں۔ حکومت کی آڈیو تقریریں غیر جمہوری، غیر آئینی، غیر پارلیمانی اقدامات کے لیے ریڈ کارپٹ بچھا رہی ہیں۔ وزیر اعظم کو اندازہ ہو گیا کہ حکومتی کرسی کے نیچے زمین کھسک گئی ہے۔ اب بلیک میلنگ اور دردمند ترلے سے کرسی بچانا چاہتے ہیں۔ یاقت بلوچ نے کہا کہ پی ٹی آئی کے قومی جرائم کی فہرست بہت طویل ہے۔ سب سے بڑا جرم کرپٹ مافیا کو تحفظ، سابق ناہل کرپٹ حکمرانوں کو عملاً این آر او دینا، احتساب میں مکمل ناکامی اور پانامہ، سکینڈل میں ملوث عناصر کو این آر او دے کر آٹا، چینی، گھی، تیل، سیمنٹ، سریا، ادویات، زرعی مداخل کے مافیا کو ہر طرح کی سرپرستی، عوام پر ڈاکہ زنی کا لائسنس دے دیا۔ مسئلہ کشمیر پر سودے بازی نوشتہ دیوار ہے۔ افغانستان میں اسلامی نظریہ پر افغان عوام کی کامیابی کے عظیم ثمرات کو ضائع کرنا بڑا جرم ہے۔ دنیا میں ثالثی کا ڈھول پیٹ رہے ہیں، ملک کے اندر کسی سے بات کرنے کو تیار نہیں۔ متفقہ قومی خارجہ پالیسی بھی نہیں اور قومی سلامتی پالیسی یکطرفہ اور متنازعہ ہے۔ پیغام پاکستان ڈاکومنٹ کے مطابق ملک میں ڈائیلاگ کا ماحول پیدا کرنے کی بجائے فساد اور بدتہذیبی پر مبنی انتقام کا ماحول پیدا کر دیا گیا ہے۔

عمران خان کے پاس کافی پتے موجود ہیں، غلام سرور خان

آج کا دن پاکستان کی تاریخ میں کا بڑا دن ہے، یہ جنگ عمران خان لڑ رہا ہے یہ جنگ پاکستان کی بقا و سلامتی کی جنگ ہے

یہ جنگ تحریک انصاف جیتے گی، ان چوروں کا ٹھکانہ جہنم ہوگا، عمران خان کے پاس کافی پتے موجود ہیں، وفاقی وزیر

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر ہوابازی غلام سرور خان نے دعویٰ کیا ہے کہ عمران خان کے پاس کافی پتے موجود ہیں، شاہ زین بگٹی کی کوئی اہمیت نہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں غلام سرور خان نے کہا کہ آج کا دن پاکستان کی تاریخ میں کا بڑا دن ہے، یہ جنگ عمران خان لڑ رہا ہے یہ جنگ پاکستان کی بقا و سلامتی کی جنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ جنگ تحریک انصاف جیتے گی، ان چوروں کا ٹھکانہ جہنم ہوگا، عمران خان کے پاس کافی پتے موجود ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اپوزیشن نے تحریک عدم اعتماد اس لیے پیش کی ہے وہ این آر او چاہتے ہیں، عمران خان اپنے جلسے میں پتے کھیلنے کا اعلان کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ شاہ زین بگٹی کی کوئی اہمیت نہیں ہے، ایک آدمی کے جانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔

ڈپٹی سپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل کی زیر صدارت صوبائی وزراء سردار عبدالرحمان کھیتران، مرک اچکزئی، میر اسد بلوچ اور عطاء اللہ ترین نے پری بجٹ اجلاس میں بحث کر رہے ہیں

ساڑھے تین سال میں کسی حکومت نے ایسی پرفارمنس نہیں دی جو ہم نے دی ہے، عمران خان

ہم نے معیشت کی تاریخ میں سب سے زیادہ ٹیکس اکٹھا کیا، ٹیکسٹائل انڈسٹری ریکارڈ ایکسپورٹ کر رہی ہے، وزیراعظم عمران خان کا جلسے سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ساڑھے تین سال میں کسی حکومت نے ایسی پرفارمنس نہیں دی جو ہم نے دی ہے۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کورونا میں اپنے ملک کو بند نہیں کیا مجھ پر تنقید ہوئی اور لوگوں نے کہا کہ عمران ملک تباہ کر رہا ہے، سندھ حکومت نے بھی میری بات نہیں مانی تاہم آج ساری دنیا نے تسلیم کیا جو پاکستان نے قدم اٹھائے اس سے اپنی قوم، معیشت اور غریبوں کو

بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ٹائیگر فورس، گیدڑ فورس سے بھی بدتر ثابت ہوگی، رانا ثناء اللہ

عمران خان ذہنی طور پر شکست قبول کر چکا ہے، پوسٹ عدم اعتماد تحریک کامیابی کے بعد کا بیانیہ بنایا جا رہا ہے، لیگی رہنما کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ٹائیگر فورس، گیدڑ فورس سے بھی بدتر ثابت ہو گی، عمران خان ذہنی طور پر شکست قبول کر چکا ہے، پوسٹ عدم اعتماد تحریک کامیابی کے بعد کا بیانیہ بنایا جا رہا ہے، ہم بھی الیکشن میں تاخیر نہیں چاہتے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان نے سیاسی تبدیلی کو حق و باطل کی جنگ بنا دیا ہے تو دوسری طرف شام کو اتحادیوں کی منتیں بھی کرتے

بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

خضدار ڈپٹی کمشنر میجر (ر) محمد الیاس کبزئی سٹی علاقہ گزگی میں مڈل اسکول کا معائنہ کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ افتخار احمد بگٹی کی ہدایت پر پبلک اسکول اوتھل میں دو روزہ مینا بازار کا انعقاد کیا جا رہا ہے

اوتھل (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ افتخار احمد بگٹی کی ہدایت پر پبلک اسکول اوتھل میں دو روزہ مینا بازار کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جس کی نگرانی اے ڈی سی لسبیلہ فرحان سلیمان روہنجو کر رہے ہیں، مینا بازار میں

بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

ہنگلاج ماتا ہندو مندر کے تین روزہ میلے کے دوسرے دن اسسٹنٹ کمشنر اوتھل بیلہ اور اسسٹنٹ کمشنر کنراج میڈیا سے گفتگو کرتے

اوتھل (نامہ نگار) ہنگلاج ماتا ہندو مندر کے تین روزہ میلے کے دوسرے دن اسسٹنٹ کمشنر اوتھل بیلہ اور اسسٹنٹ کمشنر کنراج میڈیا سے گفتگو کرتے، سرکاری فرائض سرانجام دینے کے بجائے کمرے میں بیٹھ کر جوس کی چسکیاں لیتے رہے، تفصیلات کے مطابق ہنگلاج ماتا ہندو مندر کے سالانہ تین روزہ میلے کے دوسرے دن کی تقریب میں

بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

موجودہ کمر توڑ مہنگائی کے باعث کنٹریکٹر زیر ادری کو بھی سخت مشکلات کا سامنا ہے، حاجی اسلم شاہوانی

مستونگ (این این آئی) گورنمنٹ رجسٹرڈ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن مستونگ کے عہدیداران حاجی اسلم شاہوانی، نظام الدین بنگلزئی، سلیم بنگلزئی، محمد قاسم، عبدالغفار شاہوانی، حمزہ شاہوانی، ظہور لہڑی، آغا اویس شاہ، میر جلیل جان محمد شہی، اللہ یار شاہوانی، شبیر علی، حفیظ اللہ لہڑی، حفیظ احمد دہوار، علی احمد شاہوانی، عنایت اللہ بنگلزئی،

بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ثروب عوام کے ساتھ سابقہ دور حکومت میں انتہائی ظلم ہوا ہے، مٹھا خان کاکڑ

چار سالہ حکومت میں جتنا فنڈ ثروب لایا ہے صوبائی اسمبلی کے ممبران اسکا اعتراف کر رہے ہیں

سابق ایم پی اے نے 28 سال بلوچستان کے اہم وزارتوں میں ہوتے ہوئے ثروب عوام کیلئے کچھ نہیں کیا ہے، پارلیمانی سیکرٹری مائنز

ثروب (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری مائنز اینڈ منرل حاجی مٹھا خان کاکڑ پی اے پی کے ضلعی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل ایکسین پی ایچ ای، تیمور شاہ اغا، سردار ناصر خان ناصر، عبدالستار خان کاکڑ، سردار عصمت اللہ میاں خیل، مولوی قطب الدین خوستی، جی ٹی اے صدر فتح خان مندوخیل، شاہ باران مندوخیل، ساجد عمران، فضل امین مندوخیل، نقیب اللہ بابر، عبداللہ جان کاکڑ و دیگر نے 18 کروڑ روپے کی لاگت سے واٹر سپلائی منصوبے کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ثروب عوام کے ساتھ سابقہ دور حکومت میں انتہائی ظلم ہوا ہے سابق ایم پی اے نے 28 سال بلوچستان کے اہم وزارتوں میں ہوتے ہوئے ثروب عوام کیلئے کچھ نہیں کیا ہے انہوں نے کہا کہ چار

بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

انجمن تاجران بلوچستان بلا رنگ و نسل تاجروں اور عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، رحیم آغا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا نے کہا ہے کہ انجمن تاجران بلوچستان بلا رنگ و نسل تاجروں اور عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے تاجروں کے مفادات پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے، انجمن تاجران و دکانداران سریاب روڈ کے صدر بشیر احمد بنگلزئی کی ساتھیوں سمیت انجمن تاجران بلوچستان میں شمولیت خوش آئند ہے اسے انجمن تاجران بلوچستان مزید فعال اور منظم ہوگی یہ بات انہوں نے انجمن تاجران و

بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں گوشت مہنگے داموں میں فروخت ہونے کا عمل مقامات پر گوشت دکانوں پر شہریوں اور قصائیوں کے درمیان تکرار بھی ہو رہی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گوشت مہنگے داموں میں فروخت ہونے لگا بعض مقامات پر گوشت مہنگا بیچنے پر شہریوں اور قصائیوں کے درمیان تکرار بھی ہو رہی ہے لیکن دکاندار من مانے داموں پر گوشت فروخت کر رہے ہیں۔ کوئٹہ شہر میں رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی قصائیوں نے من مانے داموں پر گوشت کی فروخت شروع کر دیا ہے بیل اور گائے کا گوشت سات سو سے 800 روپے فی کلو جبکہ بکرے کا گوشت 14 سو روپے فی کلو اور کہیں تو پندرہ سو روپے فی کلو تک بھی فروخت کیا جا رہا ہے۔

نویں حب جیپ ریلی صاحبزادہ سلطان محمد علی بازی لے گیا وفاقی چیمپئن نوابزادہ نادر مگسی دوسرے نمبر پر

لسبیلہ (این این آئی) نویں حب جیپ ریلی صاحبزادہ سلطان محمد علی بازی لے گیا وفاقی چیمپئن نوابزادہ نادر مگسی دوسرے نمبر پر خواتین میں ماہم شیراز چیمپئن بن گئیں۔ گذانی کے قریب کنڈ کے مقام پر منعقد نویں جیپ ریلی میں چھ خواتین ریسرز سمیت 60 ریسرز نے حصہ لیا 50 کلومیٹر لمبا ساحل سمندر کو طے کرتی پہاڑوں سے گزرنے والی ٹریک پر ریسرز نے اپنا کمال دکھایا صاحبزادہ سلطان محمد علی نے مقررہ فاصلہ 37 منٹ 58 سیکنڈ میں طے کر کے حب جیپ ریلی کے سلطان بن گئے۔

لسبیلہ حب جیپ ریلی میں ایک ریسر گاڑی ٹریک پر دوڑاتے ہوئے جبکہ اس سیٹ میں مہمان خصوصی میجر جنرل عنایت فاتحہ صاحبزادہ سلطان کو ٹرافی دیتے ہوئے

سردار تنویر الیاس خان کی کال پر آزاد کشمیر بھر سے امر بالمعروف جلسہ میں ہزاروں افراد کی شرکت

آزاد کشمیر کے تین ڈویژن، مظفر آباد، میرپور اور پونچھ سے قافلے امر بالمعروف جلسہ میں پہنچے

عمران خان ہی پاکستان کو ہر طرح کے بحران سے نکالیں گے، پوری کشمیری قوم عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے، سردار تنویر الیاس

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی آزاد کشمیر کے صدر و موجودہ سینیٹر وزیر سردار تنویر الیاس خان نے کال پر آزاد کشمیر بھر سے امر بالمعروف جلسہ میں ہزاروں افراد کی شرکت کی، آزاد کشمیر کے تین ڈویژن، مظفر آباد، میرپور اور پونچھ سے قافلے امر بالمعروف جلسہ میں پہنچے۔ کوہالہ، برار کوٹ، تائیں، گوئنالہ، آزاد پتن، منگلا سمیت تمام انٹری پوائنٹس سے ہزاروں افراد پر مشتمل قافلے پی ٹی آئی سیکرٹریٹ سواں پہنچے جہاں سے

بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

اسلام آباد سیکرٹری جنرل جے یو آئی مولانا عبدالغفور حیدری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بھارت یا کشمیریوں سے مذاکرات کرے، محبوبہ مفتی

پاکستان اور کشمیریوں سے ڈائیلاگ کئے بنا خطے میں امن قائم نہیں ہو سکتا، سابق وزیراعلیٰ مقبوضہ کشمیر

سری نگر (این این آئی) مقبوضہ کشمیر کی سابق وزیراعلیٰ محبوبہ مفتی نے بھارتی حکومت سے پاکستان اور کشمیریوں سے مذاکرات کرنے کا اپنا مطالبہ دہرایا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان اور کشمیریوں سے ڈائیلاگ کئے بنا خطے میں امن قائم نہیں ہو سکتا۔ کشمیر 70 سالوں سے ایک حل کا منتظر ہے، جب تک کشمیر کا مسئلہ حل نہیں ہوتا اس وقت تک خطے میں

بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی کا اسلام آباد میں جلسہ، پرائیویٹ میڈیا کو کوریج سے روک دیا گیا

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے پرائیویٹ چینلز کی ڈی ایس این جیز کو جلسہ گاہ سے ہٹا دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے پریڈ گراؤنڈ میں ہونے والے جلسے کے لیے پرائیویٹ میڈیا کو کوریج سے منع کر دیا گیا، پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے پرائیویٹ چینلز کی ڈی ایس این جیز کو جلسہ گاہ سے ہٹا دیا گیا، پی ٹی آئی انتظامیہ کے مطابق جلسہ گاہ میں کسی بھی پرائیویٹ چینل کے کیمرا مین کو کوریج کی اجازت نہیں۔ وزیر

بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

نواز شریف نے موٹروے کے کک بیگ سے لندن میں فلیٹ خریدا، شفقت محمود

شہباز شریف کے چپڑاسیوں کے اکاؤنٹس سے اربوں روپے نکل رہے ہیں، وزیر تعلیم کا خطاب

چوہا مافیا کا نام آصف زرداری ہے، زرداری ٹولے نے سندھ کے ہسپتال تباہ کر دیے، پورا سندھ تباہ کر دیا، علی زیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ شہباز شریف کے چپڑاسیوں کے اکاؤنٹس سے اربوں روپے نکل رہے ہیں، نواز شریف نے موٹروے کے کک بیگ سے لندن میں فلیٹ خریدا۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے شفقت محمود نے کہا کہ ساری قوم عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے۔ شفقت محمود نے کہا کہ ضمیروں کی بولیاں لگانا جمہوریت نہیں، آج جلسے کے عوام نے عمران خان کے حق میں اپنا فیصلہ دے دیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے علی زیدی نے کہا کہ زرداری ٹولے نے سندھ کے ہسپتال تباہ کر دیے، پورا سندھ تباہ کر دیا، عمران خان کی قیادت میں چوہے کا شکار کر کے دکھاؤں گا۔ علی زیدی نے کہا کہ عدم اعتماد کی

بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری بجٹ کے حوالے سے محکمہ تعلیم کے افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قلات میں بے روزگاری کی شرح میں اضافہ

لیویز کی 278 اسامیوں کے انٹرویو کے لئے 2300 سے زیادہ اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان پہنچ گئے

قلات (این این آئی) قلات میں بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہو گیا لیویز کی 278 اسامیوں کے انٹرویو کے لئے 2300 سے زیادہ اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان پہنچ گئے، نوجوانوں نے لیویز کی انٹرویو اور دوڑ اور دیگر ٹیسٹ میں حصہ لیا مگر لیویز پوسٹوں کے انٹرویو کے موقع پر ڈپٹی کمشنر قلات کا تبادلہ سے نوجوانوں میں مایوسی پھیل گئی، نوجوانوں کا خیال ہے کہ ڈپٹی کمشنر کے تبادلہ کے بعد لیویز کی آسامیوں پر من پسند نوجوان بھرتی کی جائے گی اور

بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس سرکاری ہسپتالوں میں پولیس اور ایف سی کی موجودگی میں سروسز نہیں دیں گے

سیکرٹری صحت نور الحق بلوچ کو فوری طور پر اپنے عہدے سے ہٹایا جائے، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنما محبت ترین

کوئٹہ (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنما محبت ترین نے کہا ہے کہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس سرکاری ہسپتالوں میں پولیس اور ایف سی کی موجودگی میں سروسز نہیں دیں گے، سیکرٹری صحت نور الحق بلوچ کو فوری طور پر اپنے عہدے سے ہٹایا جائے ینگ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس آئندہ کسی بھی ایسے مذاکرات کا حصہ نہیں بنیں گے جہاں سیکرٹری صحت موجود ہونگے، پولیس نے اینگ 55 ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس کو گرفتار کیا ہے۔ یہ بات

بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ینگ ڈاکٹرز کا شعبہ حادثات سمیت ایمرجنسی سروسز کا بائیکاٹ تیسرے روز بھی جاری رہا

دوسری جانب صوبائی حکومت نے ہڑتالی ڈاکٹروں اور طبی عملے کے خلاف قانونی کاروائی کا فیصلہ کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ینگ ڈاکٹرز کا شعبہ حادثات سمیت ایمرجنسی سروسز کا بائیکاٹ تیسرے روز بھی جاری رہا جبکہ دوسری جانب صوبائی حکومت نے ہڑتالی ڈاکٹروں اور طبی عملے کے خلاف قانونی کاروائی کا فیصلہ کر لیا۔ ینگ ڈاکٹرز کے بائیکاٹ کے باعث سٹی سمین صوبائی ہیڈ کوارٹر ہسپتال سمیت کوئٹہ کے ہسپتالوں کے شعبہ حادثات میں ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف موجود نہیں ڈاکٹرز کی عدم موجودگی

بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں شہریوں کی اکثریت کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی ویکسی نیشن کی گئی

حوالے سے کوئی موت واقع ہوئی اور نہ ہی اسکے کوئی خطرناک اثرات سامنے آئے ہیں، ڈاکٹر نور قاضی

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر نور قاضی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں شہریوں کی اکثریت کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی ویکسی نیشن کی گئی لیکن اس حوالے سے کوئی موت واقع ہوئی اور نہ ہی اسکے کوئی خطرناک اثرات سامنے آئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں یو ایس پی پاکستان کی طرف سے پرائیویٹ ہسپتالوں اور پی پی ایچ آئی کے ڈاکٹروں کی کورونا وائرس کے مضر اثرات کے حوالے سے

بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ہنگلاج ماتا ہندو مندر کا تین روزہ میلہ اختتام پذیر ہو گیا

تین روزہ میلے کے آخری دن ملک بھر سے ہزاروں ہندو یاتریوں نے میلے میں شرکت کی

اوتھل (نامہ نگار) ہنگلاج ماتا ہندو مندر کا تین روزہ میلہ اختتام پذیر ہو گیا تین روزہ میلے کے آخری دن ملک بھر سے ہزاروں ہندو یاتریوں نے میلے میں شرکت کی، تین روزہ میلے میں یاتریوں کے لیے تمام تر سہولیات کی فراہمی کا بھی انتظام کیا گیا تھا، میلے میں سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے تھے، پاک آرمی، پولیس اور لیویز فورس کے جوان تعینات تھے، سندھ کے مخصوص یاتروں نے سینکڑوں کلومیٹر پیدل سفر کر کے ہندو مندر پہنچے،

بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

تمام برے اقدامات حکومت کے کھاتے میں جا رہے ہیں، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

موجودہ صورتحال میں واضح ہوتی عدم اعتماد کے حوالے سے ہمارا حزب اختلاف کے حوالے سے براہ راست کوئی رابطہ نہیں ہوا

بی اے پی کی حکومت ہونے کے باوجود اپوزیشن کاموں کا کریڈٹ لے رہی ہے، جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کی کارکردگی اور گڈ گورننس نہیں جس کی وجہ سے بی اے پی کی حکومت ہونے کے باوجود اپوزیشن کاموں کا کریڈٹ لے رہی ہے جبکہ تمام برے اقدامات حکومت کے کھاتے میں جا رہے ہیں وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کو پارٹی عہدیدار ہونے کی حیثیت سے ان سے غلط اقدامات کے بارے میں وضاحت اور جواب طلبی کیلئے نوٹس دیں گے وہ حکومت کا قبلہ درست کریں تاکہ آنے والے الیکشن میں بلوچستان عوامی پارٹی کو مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے جمعیت علماء اسلام اور بلوچستان نیشنل پارٹی اگر سمجھتی ہیں کہ بلوچستان حکومت درست سمت نہیں جا رہی تو وہ ظہور احمد بلیدی سے رابطہ کریں تاکہ معاملات کو آگے بڑھا کر اقدامات اٹھائے جا سکیں۔

سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی سے ہندو برادری کے وفد کی ملاقات

دالبندین (این این آئی) سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی سے ہندو برادری کے وفد نے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق خان ہوٹل کے رہنما سیٹھ جرمن داس کی قیادت میں ہندو برادری کے رہنماؤں

بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ٹریفک پولیس کے ناروا سلوک کے خلاف آج 28 مارچ کو لوکل بس اور رکشوں کی مکمل ہڑتال ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) متحدہ لوکل بس یونین، آل کوئٹہ رکشہ اتحاد یونین اور آل کوئٹہ رکشہ یونین کا اجلاس زیر صدارت آل کوئٹہ رکشہ اتحاد یونین کے مرکزی صدر عبدالسلام بلوچ منعقد ہوا، اجلاس میں 28 مارچ کو ٹریفک پولیس کے ناروا رویے کے خلاف کوئٹہ شہر کے لوکل بسوں اور ہزاروں رکشوں کے ہڑتال کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں ہڑتال کے

بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

اپوزیشن جماعتوں کی تحریک عدم اعتماد سے عوام کو گھبرانے کا مشورہ دینے والے اسٹیبلشمنٹ وزیراعظم کی ناکیں کاٹ رہی ہیں، خیر محمد ترین

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتوں کی تحریک عدم اعتماد سے عوام کو نہ گھبرانے کا مشورہ دینے والے اسٹیبلشمنٹ وزیراعظم کی ناکیں کاٹ رہی ہیں اور بوکھلاہٹ میں وہ اپوزیشن جماعتوں کے قائدین پر جھوٹے اور من گھڑت الزامات لگا رہے ہیں جنکا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے

بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

تفتان میں پاکستانی اور ایرانی حکام کے مابین ملاقات

ملاقات میں ایرانی وفد کی سربراہی عبول فضل ناظری مرزبان گریڈ ون میر جاوا کر رہے تھے

تفتان (این این آئی) پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں پاکستانی اور ایرانی حکام کے مابین ملاقات ہوئی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کے سرحدی شہر تفتان بارڈر پر پاکستانی اور ایرانی حکام کے درمیان سرحدی پوائنٹس و دیگر امور پر تفصیلی ملاقات ہوئی ملاقات میں ایرانی وفد کی سربراہی عبول فضل ناظری مرزبان گریڈ ون میر جاوا کر رہے تھے، پاکستانی وفد کی سربراہی ڈپٹی کمشنر چاغی ڈاکٹر منصور احمد بلوچ کر رہے تھے، اجلاس میں زیرو پوائنٹ، راہداری گیٹ، بازار چہ و دیگر معاملات پر تفصیلی گفتگو۔

سیاسی بحران سے بیرونی اقتصادی محاذ دباؤ کا شکار، غیر ملکی سرمایہ کاری کے اخراج میں اضافہ

رواں مالی سال تقریباً 1.5 ارب ڈالر کے مجموعی اخراج میں سے صرف مارچ کے دوران ہی 40 کروڑ ڈالر ملک سے باہر جا چکے ہیں، رپورٹ

کراچی (این این آئی) ملک میں جاری سیاسی بحران سے بیرونی اقتصادی محاذ پر دباؤ پڑ رہا ہے کیونکہ جاری ماہ کے دوران ایکویٹی، ٹریژری بلز اور پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز سے غیر ملکی سرمایہ کاری کے اخراج میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کے دوران اب تک تقریباً 1.5 ارب ڈالر کے مجموعی اخراج میں سے صرف مارچ کے دوران ہی 40 کروڑ ڈالر ملک سے باہر چلے گئے ہیں۔

اوتھل ہنگلاج ماتا ہندو مندر کے میلے میں ملک بھر سے ہزاروں ہندو یاتری شریک ہیں

ہر روز عوام کی مشکلات میں اضافہ کرنے والی حکومت اب خود شدید مشکلات کا شکار ہے، امیر جماعت اسلامی کا تیمرگرہ میں جلسہ عام سے خطاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ اب تو بس وزیراعظم کا نئے انتخابات کا اعلان اور استعفا ہی ان کے لیے عزت کا راستہ ہے۔ سیاسی شہادت کا وقت گزر چکا، حکومت ٹمٹماتا چراغ اور گرتی دیوار کی مانند ہے، جو اپنی نااہلی اور نالائقی کے بوجھ سے خود ہی گر رہی ہے۔ ہر روز عوام کی مشکلات میں اضافہ کرنے والی حکومت اب خود شدید مشکلات کا شکار ہے۔ پہلے وزیراعظم نے ریاست مدینہ کا نام اور اب قرآنی اصطلاحات کا غلط استعمال بھی شروع کر دیا۔ امر بالمعروف جو قرآن کی اصطلاح ہے اس کو اس طرح استعمال کرنا اس لفظ کی توہین ہے۔ حکومت امر بالمعروف کے نام پر منکرات پھیلا رہی ہے، اس لیے خدارا! حکومت قرآنی اور اسلامی اصطلاحوں کو مذاق سے

بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

قلات ڈی جی لیویز قادر پرکانی کا دورہ قلات لیویز کے دستہ نے سلامی لی دوسری جانب لیویز کے پوسٹوں پر ٹیسٹ انٹرویوں لے رہے ہیں

شیخ رشید ملک کے وزیر داخلہ ہیں یا گلی کے غنڈے، شازیہ مری

شیخ رشید کی سیاست آمروں کے بوٹ پالش کرنے سے شروع ہو کر سلیکٹڈ کی جوتیاں اٹھانے پر ختم ہوتی ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے کہا ہے کہ شیخ رشید ملک کے وزیر داخلہ ہیں یا گلی کے غنڈے۔ وزیر داخلہ شیخ رشید کی پریس کانفرنس پر ترجمان پی پی پی پارلیمنٹرین شازیہ مری نے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شیخ رشید ملک کے وزیر داخلہ ہیں یا گلی کے غنڈے۔ انہوں نے کہا کہ سب کو پتہ ہے کہ یہ کتنے بڑے طرم خان ہیں، گیدڑ بھبکیاں نہ ماریں اور دھمکیاں اپنے گھر میں سنبھال کر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو نہیں پتا کہ شیخ رشید حالات کو تبدیل ہوتا دیکھ کر کب پتلی گلی سے نکل جائیں۔

خشکہ کاریزات مشرقی کے بندوبست کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے، بلوچستان ہیومن پیپلز پلیٹ فارم کے صدر ملک نثار احمد

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہیومن پیپلز پلیٹ فارم نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ خشکہ کاریزات مشرقی کے بندوبست کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے، لینڈ مافیا سے تعلق رکھنے والے افراد کو باعزت لوگوں اور علاقہ کے اصل مالکان کو بلیک میل کرنے کی کسی بھی صورت اجازت

بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

شوبز شخصیات کا عمران خان کو 'گھبرانا نہیں ہے' کا مشورہ

ہمارے لیڈر کو کوئی بھی پارلیمنٹ سے باہر نہیں لے کر جا سکتا، شان و دیگر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکمران جماعت پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے دارالحکومت اسلام آباد میں 27 مارچ کو کیے جانے والے امر بالمعروف جلسے کی حمایت کرتے ہوئے شوبز شخصیات نے وزیراعظم عمران خان کو گھبرانا نہیں ہے کا مشورہ دیا ہے۔ متعدد معروف شوبز شخصیات نے وزیراعظم کو اپنی حمایت کی یقین دہانی بھی کروائی اور لوگوں کو ان کی حمایت کیلئے گھروں سے نکلنے کا مشورہ بھی دیا۔ سپر اسٹار شان شاہد نے عمران خان کے ساتھ پرانی تصویر شیئر کرتے ہوئے ان سے اظہار یکجہتی کیا۔

قومی اسمبلی کا اجلاس (آج) پارلیمنٹ ہاؤس میں شام چار بجے شروع ہوگا

وزیراعظم عمران خان کے خلاف اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد کا عمل شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد (آج) پیر کو پارلیمنٹ ہاؤس میں شام چار بجے شروع ہوگا جس میں وزیراعظم عمران خان کے خلاف اپوزیشن کی تحریک عدم اعتماد کا عمل شروع ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد (آج) پیر کو دوبارہ پارلیمنٹ ہاؤس میں شام چار بجے شروع ہوگا۔ اجلاس کی صدارت اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کریں گے۔ اجلاس میں وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد کا عمل شروع ہوگا۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق آئین کے آرٹیکل 95 ون کیساتھ قومی اسمبلی کے 2007 کے رولز اینڈ پروسیجر 37 کے تحت وزیراعظم عمران خان کے خلاف پیش کی جائے گی۔

طالبان کا تنہا خواتین کو پروازوں میں بیٹھنے کی اجازت دینے سے انکار

اسلام آباد، دبئی، ترکی جانے والی پروازوں میں خواتین کو سوار ہونے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا گیا، افغان عہدیدار

کابل (این این آئی) افغانستان کے طالبان حکمرانوں نے درجنوں تنہا خواتین کو اندرون اور بیرون ملک جانے والی پروازوں میں سوار ہونے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے اور انھیں کہا ہے کہ وہ کسی مرد سرپرست کے بغیر سفر نہیں کر سکتی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق افغان ایئر لائن کے دو افسروں نے طالبان کے ردعمل کے خوف سے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ کابل کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اندرون ملک اور بین الاقوامی پروازوں میں سوار ہونے کے لیے پہنچنے والی درجنوں خواتین کو آگاہ کیا گیا ہے کہ وہ کسی مرد سرپرست کے بغیر ایسا نہیں کر سکتی ہیں۔

امین مندوخیل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سٹی سمین کوئٹہ ہسپتال تعینات

کوئٹہ (این این آئی) امین مندوخیل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سٹی سمین ہسپتال کوئٹہ تعینات۔ سیکرٹری صحت نور الحق بلوچ کے جاری کردہ اعلامیہ کے

بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

آج کا تاریخی جلسہ عام حکومت کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا، سردار یعقوب خان ناصر

وزیراعظم کے حکم پر انکے وزراء نے